الحزب الاعظم
مُترجَم
تالیف:
حضرت ملا علی قاری ہروی (افغانی) مہاجر مکیؒ
المتوفی ۱۰۱۴ھ
ترجمہ:
رشید احمد مولانا موسیٰ سیلودوی
مکتبہ ارشاد
ڈابھیل، گجرات (الہند)

تالیف:

حضرت ملا علی قاری ہروی (افغانی) مہاجر مکیؒ

المتوفی ۱۰۱۴ھ

ترجمہ:

رشید احمد مولانا موسیٰ سیلودوی

مدرس: جامعہ اسلامیہ تعلیم الدین ڈابھیل، گجرات (الہند)

مکتبہ ارشاد، ڈابھیل، گجرات (الہند)

تفصیلات

نام کتاب : الحزب الأعظم والورد الأفخم

مؤلف : شیخ ملا علی قاری ہروی مکیؒ ۱۰۱۴ھ

تصحیح وتخریج : مولانا ابوبکر بن مصطفیٰ پٹنی

ترجمہ : رشید احمد مولانا موسیٰ سیلودوی

کمپیوٹر کتابت وٹائٹل سازی : (مولوی) محمد ساجد بن مصطفیٰ پٹنی

سائز : ۲۰×۳۰/۳۲

مکتبۂ ارشاد، ڈابھیل

ضلع نوساری، گجرات (انڈیا) ۳۹۶۴۱۵

PUBLISHER

MAKTABA IRSHAD. PROP. RASHID AHMED SILUDIWALA

DABHEL DISTT. NAVSARI 396415

(GUJARAT) INDIA

٣
الحزب الأعظم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حقیقت دعاء

أخرج الأربعةُ بسند صحيح عن النعمان بن بشير أنه سمع النبيَّ صلى الله عليه وسلم يقول: "الدعاءُ هو العبادة" ثم قرأ: "وَقَالَ رَبُّكُمُ ادْعُوْنِيْ أَسْتَجِبْ لَكُمْ إِنَّ الَّذِيْنَ يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِيْ سَيَدْخُلُوْنَ جَهَنَّمَ دَاخِرِيْنَ".

(المؤمن: ٦٠)

حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت نبی کریم ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ: "دعا عبادت ہی ہے" (دعا اور عبادت ایک ہی شے کے دو نام ہیں)۔ پھر آپ ﷺ نے (دلیل کے طور پر) یہ آیت کریمہ تلاوت فرمائی: (تمھارے پروردگار کا حکم ہے کہ تم مجھے پکارو، میں تمھاری دعا قبول کروں گا، جو لوگ میری عبادت سے بوجہ غرور اعراض کرتے ہیں وہ ضرور ذلیل وخوار ہوکر جہنم رسید ہوں گے)۔ (بخاری، مسلم، ابوداود، ترمذی)

مقدمة المؤلف

دیباچہ مؤلفؒ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سب پر مہربان، نہایت رحم والے اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ دَعَانَا لِلْإِيْمَانِ، وَهَدَانَا بِالْقُرْآنِ،

تمام تعریفیں اس اللہ کے لیے لائق ہیں جس نے ہمیں ایمان کی جانب بلایا،

وَأَجَابَ دَعْوَتَنَا بِالْفَضْلِ وَالْإِحْسَانِ، وَالصَّلَاةُ

اور ہمیں قرآن کے ذریعہ ہدایت دی اور ہماری دعاؤں کو ازراہِ فضل واحسان قبول

وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِ الْخَلْقِ الدَّاعِيْ إِلٰى دَعْوَةِ الْحَقِّ،

فرمایا اور رحمت وسلامتی نازل ہو سچے مذہب کی جانب سب کو بلانے والے سردار

وَعَلٰى آلِهِ وَصَحْبِهِ وَتَابِعِيْهِ وَحِزْبِهِ الدُّعَاةِ إِلٰى كَلِمَتِهِ،

کائنات پر اور آپ کے پیغام کی جانب دعوت دینے والے اور آپ کی شریعت

وَالرُّعَاةِ لِأُمَّتِهِ فِيْ مِلَّتِهِ.

کے چوکیداروں کے نگراں: آپ کے اہلِ خانہ وصحابہ وتابعین واعوان وانصار پر۔

أَمَّا بَعْدُ! فَيَقُوْلُ الْعَبْدُ الدَّاعِي مَغْفِرَةَ رَبِّهِ

اما بعد: بندہ علی بن سلطان محمد قاری ستر اللہ عیوبہما عرض

الْبَارِي، عَلِيُّ بْنُ سُلْطَانَ مُحَمَّدِ الْقَارِي — سَتَرَ

پرداز ہے کہ جب بعض سالکین طریقت کو میں نے دیکھا کہ وہ

اللّٰهُ عُيُوْبَهُمَا وَغَفَرَ ذُنُوْبَهُمَا — :لَمَّا رَأَيْتُ بَعْضَ

معتبر مشائخ کے اَوراد اور علمائے کرام کے وظائف بڑے شوق

السَّالِكِيْنَ يَتَعَلَّقُوْنَ بِأَوْرَادِ الْمَشَايِخِ الْمُعْتَبَرِيْنَ،

وذوق کے ساتھ پڑھتے ہیں حتیٰ کہ بعض تو ''دعاءِ سیفی'' اور

وَبِأَحْزَابِ الْعُلَمَاءِ الْمُكَرَّمِيْنَ، حَتّٰى رَأَيْتُ بَعْضَهُمْ

''اربعین اسمی'' کا بھی ورد رکھتے ہیں، اور بعض عوام کو دیکھا

تَعَلَّقُوْا بِالدُّعَاءِ السَّيْفِيِّ، وَالْأَرْبَعِيْنَ الْاِسْمِيِّ،

کہ وہ دُعاءِ قدح جیسی دعا پڑھا کرتے ہیں اور اس کی ایسی

وَوَجَدْتُ بَعْضَ الْعَوَامِّ يَتَقَيَّدُوْنَ بِقِرَاءَةِ دُعَاءِ نَحْوِ

اسناد بیان کرتے ہیں جس کے موضوع اور مجروح ہونے میں

الْقَدْحِ، وَيَذْكُرُوْنَ فِيْ إِسْنَادِهِ مَالَا شُبْهَةَ فِيْهِ مِنَ

ذرا بھی شبہ نہیں ہے تو میرے دل میں یہ داعیہ پیدا ہوا کہ جو

الْوَضْعِ وَالْقَدْحِ، فَخَطَرَ بِبَالِيْ أَنْ أَجْمَعَ الدَّعَوَاتِ

دعائیں حدیث کی مشہور اور معتبر کتابوں میں مذکور ہیں وہ میں

الْمَأْثُوْرَةَ فِي الْأَحَادِيْثِ الْمَشْهُوْرَةِ مِنَ الْكُتُبِ الْمُعْتَبَرَةِ

ایک جگہ جمع کردوں جیسے امام نووی کی کتاب ''الاذکار'' اور

الْمَشْهُوْرَةِ، كَـ "الْأَذْكَارِ" لِلنَّوَوِيِّ وَ"الْحِصْنِ"

امام جزری کی ''حصن حصین'' اور ''الکلم الطیب'' اور

لِلْجَزَرِيِّ وَ"الْكَلِمِ الطَّيِّبِ وَالْجَامِعَيْنِ وَالدُّرِّ"

''الجامعین'' اور ''الدر'' مؤلفہ امام سیوطی اور ''القول

لِلسُّيُوْطِيِّ وَ"الْقَوْلِ الْبَدِيْعِ" لِلسَّخَاوِيِّ – رَحِمَهُمُ

البدیع'' مؤلفہ سخاوی اور ان کی ترتیب یہ رکھوں کہ سب سے

اللّٰهُ تَعَالٰى – مُقَدِّمًا لِلدَّعَوَاتِ الْقُرْآنِيَّةِ وَخَاتِمًا

پہلے قرآن کریم کی دعائیں لکھوں اور سب سے آخر میں

بِكَيْفِيَّاتِ الصَّلَوَاتِ الْمُحَمَّدِيَّةِ الْمُصْطَفَوِيَّةِ

آں حضرت ﷺ پر درود شریف کے کلمات رکھوں اور اپنے حق

النُّوْرَانِيَّةِ، رَاجِيًا دُعَاءَ مَنْ يَدْعُو الدَّاعِيَ، فَإِنَّ الدَّالَّ

میں بھی دعاءِ خیر کا امیدوار رہوں کیوں کہ کارِ خیر کا محرک بھی اس

عَلَى الْخَيْرِ كَالسَّاعِيْ؛ وَأَسْأَلُ اللّٰهَ أَنْ يَجْعَلَ سَعْيِيْ

کے کرنے والے کی طرح ہوتا ہے اللہ تعالیٰ سے دعا کرتا ہوں

مَشْكُوْرًا، وَقَصْدِيْ مَبْرُوْرًا، وَهٰذَا الْجَمْعَ الَّذِيْ

کہ وہ میری اس سعی کو قبول فرمائے اور میرا ارادہ نیک رکھے

هُوَ مَعْدِنُ الدُّعَاءِ، وَمَنْبَعُ الثَّنَاءِ عَلٰى أَلْسِنَةِ الطَّالِبِيْنَ

اور دعا وثنا کے اس مجموعہ کو لوگوں کی زبانوں پر ہمیشہ جاری

مَذْكُوْرًا، وَعَنْ تَحْرِيْفِ الْمُبْطِلِيْنَ وَتَصْحِيْفِ

رکھے اور باطل پرستوں اور بے دینوں کی تحریف سے اس کو

الْمُلْحِدِيْنَ مَهْجُوْرًا.

دور رکھے۔

وَسَمَّيْتُهُ «الحزب الأعظم والورد الأفخم»

اور اِس کا نام "اَلْحِزْبُ الأَعْظَمُ وَالْوِرْدُ الأَفْخَمُ" میں نے اِس

لِانْتِسَابِهِ وَاسْتِنَادِهِ إِلَى الرَّسُوْلِ الْأَكْرَمِ صَلَّى اللّٰهُ

لیے تجویز کیا ہے کہ اِن دُعاؤں کی نسبت آں حضرت ﷺ کی طرف ہے لہٰذا

تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَشَرَّفَ وَكَرَّمَ، فَعَلَيْكَ بِحِفْظِ

آپ ان کے الفاظ کا خوب خیال رکھیں اِن کے معانی پر پورا غور کریں اور

مَبَانِيهِ، وَالتَّأَمُّلِ فِي مَعَانِيهِ، وَالْعَمَلِ بِمَضْمُوْنِ مَافِيهِ،

ان کے مضامین پر عمل پیرا ہوں کیوں کہ یہ مجموعہ اُن تمام دعاؤں پر مشتمل

فَإِنَّهُ شَامِلٌ لِلْمُنْجِيَاتِ، وَحَافِلٌ لِلْمُهْلِكَاتِ؛ لِأَنَّهُ

ہے جو آپ کو نجات دینے والی ہیں اور مہلکات سے بچانے والی ہیں کیوں

صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَتْرُكْ خَصْلَةً حَمِيْدَةً،

کہ آں حضرت ﷺ نے کوئی عمدہ عادت اور نیک خصلت ایسی باقی نہ

وَلَا خَلَّةً سَعِيْدَةً إِلَّا طَلَبَهَا مِنَ اللّٰهِ تَعَالٰى، وَسَأَلَهَا،

چھوڑی جس کی آپ نے دعا نہ مانگی ہو اور کوئی برا کام اور بری خصلت ایسی

وَلَا فَعْلَةً قَبِيحَةً، وَفِطْرَةً رَدِيَّةً إِلَّا اسْتَعَاذَ بِهِ مِنْهَا

نہ چھوڑی جس سے آپ نے اللہ کی پناہ وحفاظت نہ چاہی ہو، دراں حالیکہ

إِجْمَالًا وَتَفْصِيلًا، وَإِكْمَالًا وَتَكْمِيلًا، وَتَذْيِيلًا

آپ کی یہ دونوں طرح کی دعائیں بغرض تعلیم وتربیت اور بغرض تکمیل

وَتَتْمِيمًا، وَإِعْلَامًا وَتَعْلِيمًا، زَادَهُ اللهُ تَعَالَى شَرَفًا

واتمام، مجملاً بھی تھیں اور مفصلاً بھی، اللہ تعالیٰ آپ ﷺ کے مجد وشرف اور

وَتَعْظِيمًا، وَإِجْلَالًا وَتَكْرِيمًا.

اعزاز واکرام کو اور زیادہ بڑھائے۔

فَهٰذَا كَمَالُ طَرِيقِ الْمُتَابَعَةِ النَّبَوِيَّةِ، وَزُبْدَةُ

پس اس کو آں حضرت ﷺ کی پیروی کا صحیح طریقہ اور صوفیائے

الْمَقَامَاتِ الْعَلِيَّةِ الْمَنْسُوبَةِ إِلَى السَّادَةِ الصُّوفِيَّةِ

کرام کے مقامات کا خلاصہ سمجھنا چاہیے لہٰذا اگر آپ اس مجموعہ کو

الصَّفِيَّةِ، فَإِنْ قَدَرْتَ كُلَّ يَوْمٍ عَلَى قِرَاءَتِهَا فَبِهَا

روزانہ پڑھ لیا کریں جب تو کیا ہی کہنا ورنہ جمعہ جمعہ سہی، نہیں تو

وَنِعْمَتْ، وَإِلاَّ فَفِي كُلِّ جُمُعَةٍ، وَإِلاَّ فَفِيْ كُلِّ شَهْرٍ،

مہینے میں ایک بار، اگر یہ بھی نہ ہوسکے تو پھر سال میں ایک بار تو

وَإِلاَّ فَفِيْ كُلِّ سَنَةٍ، وَإِلاَّ فَفِيْ الْعُمْرِ مَرَّةً أَيْضًا غَنِيمَةٌ،

ہو، اور اگر یہ بھی ممکن نہ ہوتو عمر بھر میں اگر ایک بار میسر آجائے

وَإِذَا أَرَدْتَ قِرَاءَ تَهُ فِيْ عَرَفَاتٍ فَزِدْ فِيهِ: "لاَ إِلٰهَ إِلاَّ

تو بھی غنیمت ہے اور اگر عرفات کے میدان میں آپ کو اس کے

اللّٰهُ وَحْدَهُ لاَ شَرِيْكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ،

پڑھنے کا موقع مل جائے تو اس میں یہ کلمات اور اضافہ فرمالیں:

وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ" مِائَةَ مَرَّةٍ، وَ"سُورَةَ

"لاَ إِلٰهَ إِلاَّ اللّٰهُ وَحْدَهُ لاَ شَرِيْكَ لَهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى

الإِخْلاَصِ" مِائَةً، وَ"سُبْحَانَ اللّٰهِ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ،

كُلِّ شَيْئٍ قَدِيْرٌ" (سو بار) سورۂ اخلاص (سو بار) "سُبْحَانَ اللّٰهِ

وَلاَ إِلٰهَ إِلاَّ اللّٰهُ، وَاللّٰهُ أَكْبَرُ" مِائَةً، وَ"الاِسْتِغْفَارَ"

وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلاَ إِلٰهَ إِلاَّ اللّٰهُ وَاللّٰهُ أَكْبَرُ" (سو بار) اور استغفار

مِائَةً، وَ"اَلصَّلاةَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ"

سو بار، اور درود سو بار، اس کے علاوہ دعاؤں کے کلمات اور اپنی

مِائَةً؛ وَزِدِ "اَلتَّلْبِيَةَ" فِيْ أَثْنَاءِ الدَّعَوَاتِ وَ"اَلْبُكَاءَ

آہ وزاری کے درمیان تلبیہ کے الفاظ بھی پڑھتے رہیں تاکہ

وَالتَّضَرُّعَ" لِقُبُوْلِ الْحَاجَاتِ.

دعائیں قبول ہوں۔

منزل السبت

پہلی منزل

۱ أَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ ۝

میں مردود شیطان سے (بچنے کے لیے) اللہ کی حفاظت میں آتا ہوں۔

۲ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

سب پر مہربان، نہایت رحم والے اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں۔

۳ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ

سب تعریفیں، سارے جہانوں کے پالنہار، سب پر مہربان، نہایت رحم

الرَّحِيْمِ ۝ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝ إِيَّاكَ نَعْبُدُ وَإِيَّاكَ

والے، روزِ جزا کے مالک: اللہ کے لائق ہیں، ہم تیری ہی بندگی کرتے ہیں

نَسْتَعِيْنُ ۝ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ صِرَاطَ

اور تجھ ہی سے مدد چاہتے ہیں، ہم کو سیدھا راستہ دکھا، ان لوگوں کا راستہ جن

الَّذِيْنَ أَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۝ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ

پر تو نے فضل فرمایا، جن پر نہ تیرا غصہ ہوا اور نہ وہ گمراہ ہوئے۔

عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝ (آمِيْن)

(اے اللہ ہماری دعا قبول کر)

۴ أَعُوْذُ بِاللّٰهِ أَنْ أَكُوْنَ مِنَ الْجٰهِلِيْنَ ۝ (البقرۃ ٦٧)

میں اللہ کی حفاظت میں آتا ہوں اس بات سے کہ میں جاہلوں میں شامل ہو جاؤں۔

۵ رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا ؕ إِنَّكَ أَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝ وَتُبْ عَلَيْنَا ۚ إِنَّكَ أَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ۝ (البقرۃ ۱۲۷، ۱۲۸)

ہمارے پالنہار! تو ہماری طاعتوں کو قبول فرما۔ بے شک تو ہی خوب سننے والا ہے سب کچھ جاننے والا ہے، اور ہمیں توبہ کی توفیق دے، بے شک تو ہی توبہ کی توفیق دینے والا ہے، نہایت رحم والا ہے۔

۶ رَبَّنَا آتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْآخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۝ (البقرۃ ۲۰۱)

ہمارے پالنہار! ہمیں دنیا میں بھی خوبی (توفیقِ عبادت) اور آخرت میں بھی خوبی (اجر و ثواب) عطا فرما، اور ہمیں عذاب دوزخ سے بچا۔

۷ رَبَّنَا أَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّثَبِّتْ أَقْدَامَنَا

ہمارے پروردگار! ہمارے دلوں کو صبر سے بھر دے، اور ہمارے قدم

وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ۝ (البقرۃ ۲۵۰)

جمائے رکھ، اور اس کافر قوم کے مقابلے میں ہماری نصرت فرما۔

۸ سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا ۖ غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَاِلَيْكَ

ہم نے (تیرا حکم) سنا اور مانا، اے ہمارے پروردگار! ہم تیری بخشش چاہتے ہیں، اور تیری

الْمَصِيْرُ ۝ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ نَّسِيْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا ۚ

ہی طرف ہم کو لوٹ کر جانا ہے، ہمارے پروردگار! اگر ہم سے بھول چوک ہو جائے تو

رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَآ اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى

ہماری گرفت نہ فرمانا۔ ہمارے پروردگار! اور ہم پر سخت احکام کا بوجھ مت لادنا جیسا کہ

الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا

ہم سے پہلے والوں پر تو نے لادا تھا۔ ہمارے رب! اور ہم سے وہ بوجھ مت اٹھوانا جس

بِهٖ ۚ وَاعْفُ عَنَّا ۥ وَاغْفِرْ لَنَا ۥ وَارْحَمْنَا ۥ اَنْتَ مَوْلٰىنَا

کے اٹھانے کی ہم میں سکت نہ ہو، اور ہم سے درگزر فرما اور ہمیں بخش دے، اور ہم پر

فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ۝ (البقرۃ ۲۸۵، ۲۸۶)

مہربانی فرما، تو ہمارا آقا ہے، سو کافر قوم کے مقابلے میں ہماری نصرت فرما۔

۹ رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ

ہمارے پروردگار! ہمارے دلوں کو ہدایت سے مت پھیرنا جب کہ تو ہم کو ہدایت

لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ۝

دے چکا، اور ہمیں اپنے پاس سے خاص رحمت عطا فرما، بلاشبہ تو ہی سب کچھ

رَبَّنَا اِنَّكَ جَامِعُ النَّاسِ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ فِيْهِ ۚ اِنَّ

دینے والا ہے۔ ہمارے پروردگار! تو لوگوں کو ایک ایسے دن اکٹھا کرنے والا ہے

اللّٰهَ لَا يُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ۝ (اٰل عمران ۸،۹)

جس میں کچھ شبہ نہیں، بلاشبہ اللہ اپنے وعدے کی خلاف ورزی نہیں کرتا۔

۱۰ رَبَّنَا اِنَّنَا اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَقِنَا

ہمارے پروردگار! ہم ایمان لا چکے سو ہمارے گناہ بخش دے، اور ہمیں

عَذَابَ النَّارِ ۝ (اٰل عمران ۱۶)

عذاب دوزخ سے بچانا۔

۱۱ قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ

(اے مخاطب!) تو یوں دعا مانگ کر اے اللہ! اے مالکِ سلطنت تو جسے

تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ ۖ وَتُعِزُّ مَنْ

چاہے سلطنت دیوے اور جس سے چاہے سلطنت چھین لیوے، اور جس کو

تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ ۖ بِيَدِكَ الْخَيْرُ ۖ إِنَّكَ

چاہے عزت دیوے اور جس کو چاہے ذلیل کر دے، تیرے ہی قبضہ میں ساری

عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ○ تُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ

خوبیاں ہیں، بلاشبہ ہر شے تیری زیرِ قدرت ہے، تو رات (کے کچھ حصے) کو

وَتُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ ۖ وَتُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ

(بموسم گرما) دن میں داخل کرتا ہے اور دن (کے کچھ حصہ) کو (بموسم سرما)

الْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ ۖ وَتَرْزُقُ

رات میں داخل کرتا ہے، اور تو جاندار کو بے جان سے نکالتا ہے، اور مردہ کو زندہ

مَنْ تَشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ○ (آل عمران ۲۶، ۲۷)

سے نکالتا ہے، اور جسے چاہے بے حساب روزی دیتا ہے۔

۱۲ رَبِّ هَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً ۖ

میرے رب! تو اپنی بارگاہ سے مجھے پاکیزہ اولاد عطا فرما، بلاشبہ تو سب

إِنَّكَ سَمِيْعُ الدُّعَآءِ ۝ (آل عمران ۳۸)

دعاؤں کو خوب سننے والا ہے۔

۱۳ رَبَّنَآ اٰمَنَّا بِمَآ اَنْزَلْتَ وَاتَّبَعْنَا الرَّسُوْلَ

ہمارے پروردگار! تیری اتاری ہوئی چیزوں کو ہم نے مان لیا، اور پیغمبر کی

فَاكْتُبْنَا مَعَ الشّٰهِدِيْنَ ۝ (آل عمران ۵۳)

پیروی کی، سو تو ماننے والوں میں ہمارا اندراج فرمالے۔

۱۴ رَبَّنَا اغْفِرْلَنَا ذُنُوْبَنَا وَإِسْرَافَنَا فِيْٓ أَمْرِنَا وَثَبِّتْ

ہمارے پروردگار! ہمارے گناہوں کو اور ہمارے کاموں میں واقع ہونے والی ہماری زیادتیوں

اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ۝ (آل عمران ۱۴۷)

کو معاف فرما، اور ہمارے قدم جمائے رکھ اور کافر قوم کے مقابلے میں ہماری نصرت فرما۔

۱۵ رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا سُبْحٰنَكَ فَقِنَا

ہمارے رب! (ہمیں نظر آنے والی) یہ (کائنات) تو نے بے فائدہ نہیں بنائی ہے، تو (اس طرح

عَذَابَ النَّارِ ۝ رَبَّنَآ إِنَّكَ مَنْ تُدْخِلِ النَّارَ

کا بے فائدہ کام کرنے سے) بری اور منزہ ہے، سو ہمیں عذاب دوزخ سے بچانا۔ ہمارے رب!

فَقَدْ اَخْزَيْتَهٗ ؕ وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ۝

تو نے جس کسی کو داخلِ دوزخ کیا تو تو نے اسے رسوا کردیا، اور مشرکوں کا کوئی بھی مددگار نہ ہوگا۔

رَبَّنَآ اِنَّنَا سَمِعْنَا مُنَادِيًا يُّنَادِيْ لِلْاِيْمٰنِ اَنْ اٰمِنُوْا

ہمارے رب! ہم نے سنا کہ ایک پکارنے والا (پیغمبر محمد ﷺ) ایمان کی جانب بآواز بلند یہ دعوت

بِرَبِّكُمْ فَاٰمَنَّا ۖ رَبَّنَا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَكَفِّرْ عَنَّا

دے رہا ہے کہ (اے انس و جن) تم اپنے رب پر ایمان لے آؤ تو ہم بھی ایمان لے آئے ہیں، سو

سَيِّاٰتِنَا وَتَوَفَّنَا مَعَ الْاَبْرَارِ ۝ رَبَّنَا وَاٰتِنَا مَا وَعَدْتَّنَا

ہمارے پروردگار تو ہمارے گناہوں کو بخش دے اور ہم سے ہماری برائیوں کو دور فرمادے، اور ہمیں

عَلٰى رُسُلِكَ وَلَا تُخْزِنَا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ اِنَّكَ

نیکوکاروں کے ساتھ موت دینا۔ ہمارے رب! اور ہم کو وہ تمام نعمتیں دے جن کا ہم سے تو نے اپنے

لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ۝ (اٰل عمران ۱۹۱-۱۹۴)

پیغمبروں کی زبانی وعدہ کیا ہے، اور ہمیں روزِ قیامت میں رسوا نہ کرنا، بلاشبہ تو وعدہ خلافی نہیں کرتا۔

۱۶ رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا مِنْ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ الظَّالِمِ

ہمارے رب! ہمیں اس بستی سے نکال لے جہاں کے رہنے والے ظالم

أَهْلُهَا وَاجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ وَلِيًّا وَّاجْعَلْ لَّنَا

ہیں، اور ہمارے لیے اپنے پاس سے کوئی حمایتی بنادے اور ہمارے لیے

مِنْ لَّدُنْكَ نَصِيرًا ۝ (النساء ۷۵)

اپنے پاس سے کوئی مددگار بنادے۔

۱۷ رَبَّنَآ اَنْزِلْ عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ تَكُوْنُ

ہمارے رب! تو ہم پر آسمان سے کوئی بھرا ہوا خوان اتار جس کے نزول کا دن ہمارے لیے یعنی

لَنَا عِيْدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰيَةً مِّنْكَ ۚ وَارْزُقْنَا

ہمارے موجودہ اور بعد میں آنے والے نصاریٰ کے لیے جشن اور (تیری قدرت اور میری نبوت

وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ۝ (المائدۃ ۱۱۴)

کی) نشانی ہو جائے، اور تو ہمیں روزی دے، اور تو ہی سب سے بہتر روزی دینے والا ہے۔

۱۸ رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاكْتُبْنَا مَعَ الشّٰهِدِيْنَ ۝ وَنَطْمَعُ

ہمارے رب! ہم ایمان لائے سو ماننے والوں میں ہمارا بھی اندراج فرما،

اَنْ يُّدْخِلَنَا رَبُّنَا مَعَ الْقَوْمِ الصّٰلِحِيْنَ ۝ (المائدۃ ۸۳، ۸۴)

اور ہمیں یہ توقع ہے کہ ہمارا رب ہمیں نیک بختوں میں شامل فرمائے گا۔

۱۹ رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا مَعَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ○ (الاعراف ۴۷)

ہمارے رب! ہمیں ظالم لوگوں کے ساتھ شامل نہ کرنا۔

۲۰ اَنْتَ وَلِيُّنَا فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الْغٰفِرِيْنَ ○ وَاكْتُبْ لَنَا فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ اِنَّا هُدْنَا اِلَيْكَ ○ (الاعراف ۱۵۵، ۱۵۶)

(اے ہمارے رب) تو ہی ہمارا کارساز ہے، سو ہمیں معاف فرما، اور ہم پر مہربانی فرما، اور تو سب سے بہتر بخشنے والا ہے، اور تو ہمارے لیے اس دنیا میں بھی بھلائی کا اور آخرت میں بھی بھلائی کا فیصلہ لکھ دے، ہم تیری طرف رجوع کرتے ہیں۔

۲۱ رَبَّنَآ اِنَّكَ تَعْلَمُ مَا نُخْفِيْ وَمَا نُعْلِنُ وَمَا يَخْفٰى عَلَى اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ ○ (ابراھیم ۳۸)

ہمارے رب! تو ان تمام باتوں کو جانتا ہے جنہیں ہم چھپائیں اور ظاہر کریں، اور اللہ کے لیے تو کوئی بھی شے خواہ وہ زمین کی ہو یا آسمان کی مخفی نہیں ہے۔

۲۲ رَبَّنَا ظَلَمْنَآ اَنْفُسَنَا وَاِنْ لَّمْ تَغْفِرْلَنَا وَتَرْحَمْنَا

ہمارے پروردگار! ہم نے ہمارا ہی برا کیا ہے، اور اگر تو ہمیں معاف نہیں

لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ○ (الاعراف ۲۳)

کرے گا اور ہم پر مہربانی نہیں کرے گا تو ہم ضرور تباہ ہوجائیں گے۔

۲۳ رَبَّنَا افْتَحْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ قَوْمِنَا بِالْحَقِّ وَاَنْتَ

ہمارے رب! تو ہمارے اور ہماری قوم کے درمیان سچا فیصلہ کردے، اور تو

خَيْرُ الْفٰتِحِيْنَ ○ (الاعراف ۸۹)

سب سے بہتر فیصلہ کرنے والا ہے۔

۲۴ رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّتَوَفَّنَا مُسْلِمِيْنَ ○

ہمارے رب! ہمارے دلوں کو صبر سے بھر دے، اور ہمیں بحالت مسلمانی

(الاعراف ۱۲۶)

موت دینا۔

۲۵ رَبِّ اغْفِرْ لِيْ وَلِاَخِيْ وَاَدْخِلْنَا فِيْ رَحْمَتِكَ ۔

میرے رب! مجھے اور میرے بھائی کو معاف فرما اور ہمیں اپنی رحمت میں

وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ○ (الأعراف ١٥١)

شامل فرما اور تو سب مہربانوں میں زیادہ رحم کرنے والا ہے۔

۲۶ عَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْنَا رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ○ وَنَجِّنَا بِرَحْمَتِكَ مِنَ الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ○ (يونس ٨٥، ٨٦)

ہم نے اللہ ہی پر بھروسہ کیا، اے ہمارے پروردگار! ہم پر اس ظالم قوم کی زور آزمائی نہ فرما، اور ہمیں براہِ کرم اس کافر قوم سے بچالے۔

۲۷ رَبِّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُ بِكَ اَنْ اَسْئَلَكَ مَا لَيْسَ لِيْ بِهٖ عِلْمٌ ۭ وَاِلَّا تَغْفِرْ لِيْ وَتَرْحَمْنِيْٓ اَكُنْ مِّنَ الْخٰسِرِيْنَ ○ (هود ٤٧)

میرے رب! میں تیری حفاظت میں آتا ہوں اس بات سے کہ تجھ سے ایسی بات پوچھوں جس کی مجھے کچھ بھی خبر نہ ہو، اور اگر تو نے مجھے نہ بخشا اور مجھ پر مہربانی نہ فرمائی تو میں تباہ ہو جاؤں گا۔

۲۸ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَنْتَ وَلِیّٖ فِی

آسمانوں اور زمینوں کے پیدا کرنے والے! تو ہی دنیا و آخرت میں

الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ ۚ تَوَفَّنِیْ مُسْلِمًا وَّاَلْحِقْنِیْ

میرا کارساز ہے، تو مجھے بحالت مسلمانی موت دینا، اور مجھ کو نیک بختوں

بِالصّٰلِحِیْنَ ۝ (یوسف ۱۰۱)

میں شامل کرنا۔

۲۹ اِنَّ رَبِّیْ لَسَمِیْعُ الدُّعَآءِ ۝ رَبِّ اجْعَلْنِیْ

بلاشبہ میرا رب دعاؤں کو خوب سننے والا ہے، میرے رب! مجھے اور میری

مُقِیْمَ الصَّلٰوةِ وَمِنْ ذُرِّیَّتِیْ ۖ رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَآءِ ۝

اولاد کو نماز کا قائم رکھنے والا بنا، اے ہمارے رب! اور میری دعا قبول کر،

رَبَّنَا اغْفِرْ لِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ یَوْمَ یَقُوْمُ

ہمارے رب! مجھے اور میرے والدین اور تمام مؤمنوں کو حساب کے قائم

الْحِسَابُ ۝ (ابراھیم ۳۹ ـ ۴۱)

ہونے کے روز بخش دینا۔

۳۰ رَّبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيَانِيْ

میرے رب! تو ان دونوں (والدین) پر اس طرح مہربانی فرما جس طرح

صَغِيْرًا ٥ (بني إسرائيل ٢٤)

انھوں نے مجھے بچپن میں پالا۔

۳۱ رَّبِّ اَدْخِلْنِيْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّاَخْرِجْنِيْ

میرے رب! تو مجھے بحسن وخوبی داخل کرنا اور بحسن وخوبی نکالنا، اور

مُخْرَجَ صِدْقٍ وَّاجْعَلْ لِّيْ مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطٰنًا

ہمیں اپنے پاس سے ایسا غلبہ عطا فرما جس کی وجہ سے ہم اسلام کی

نَّصِيْرًا ٥ (بني إسرائيل ٨٠)

نصرت کر سکیں۔

۳۲ رَبَّنَآ اٰتِنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً وَّهَيِّئْ لَنَا مِنْ

ہمارے رب! ہمیں اپنے پاس سے رحمت عطا فرما اور ہمارے لیے ہمارے

اَمْرِنَا رَشَدًا ٥ (الكهف ١٠)

کاموں کو درست فرما۔

۴۳ رَبِّ اشْرَحْ لِيْ صَدْرِيْ ۝ وَيَسِّرْ لِيْٓ أَمْرِيْ ۝ (طٰہٰ ۲۵، ۲۶)

میرے رب! مجھے وسیع الصدر اور حوصلہ مند بنا اور میرے لیے میرا کام آسان کر۔

۴۴ رَبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا ۝ (طٰہٰ ۱۱۴)

میرے رب! میری سمجھ بڑھا۔

۴۵ (رَبِّ) أَنِّيْ مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَأَنْتَ أَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ۝ (الأنبياء ۸۳)

(اے میرے رب) مجھ پر بڑی تکلیف آپڑی ہے، اور تو تمام مہربانوں سے بڑا مہربان ہے۔

۴۶ لَآ إِلٰهَ إِلَّآ أَنْتَ سُبْحٰنَكَ إِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۝ (الأنبياء ۸۷)

تیرے سوا کوئی حاکم نہیں ہے، تو بے عیب ہے، بلاشبہ میں ہی قصوروار رہوں۔

٣٧ رَبِّ لَا تَذَرْنِي فَرْدًا وَّأَنْتَ خَيْرُ الْوٰرِثِيْنَ ٥ (الأنبياء ٨٩)

میرے رب! تو مجھے اکیلا (لاوارث) نہ چھوڑ، اور تو سب سے بہتر وارث (سب کے پیچھے رہنے والا) ہے۔

٣٨ رَبِّ احْكُمْ بِالْحَقِّ ؕ وَرَبُّنَا الرَّحْمٰنُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَا تَصِفُوْنَ ٥ (الأنبياء ١١٢)

میرے رب! تو حق کے موافق فیصلہ فرما، اور ہمارا پروردگار تو بڑا مہربان ہے، اسی سے مدد مانگی جاتی ہے ان تمام خرافات کے مقابلہ میں جو تم بتا رہے ہو۔

٣٩ رَبِّ أَنْزِلْنِي مُنْزَلًا مُّبٰرَكًا وَّأَنْتَ خَيْرُ الْمُنْزِلِيْنَ ٥ (المؤمنون ٢٩)

میرے رب! تو میرے نزول وقیام کو بڑی بھلائیوں والا بنا، اور تو سب سے بہتر اتارنے والا ہے۔

٤٠ رَبِّ فَلَا تَجْعَلْنِي فِي الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ٥ (المؤمنون ٩٤)

تو میرے رب! مجھے ان ظالموں میں شامل نہ کرنا۔

۴۱ رَّبِّ أَعُوْذُ بِكَ مِنْ هَمَزٰتِ الشَّيٰطِيْنِ ۝

میرے رب! میں شیطانی وساوس سے تیری پناہ میں آتا ہوں اور اے میرے

وَأَعُوْذُ بِكَ رَبِّ أَنْ يَّحْضُرُوْنِ ۝ (المؤمنون ۹۷، ۹۸)

رب میں اس بات سے بھی تیری پناہ میں آتا ہوں کہ وہ میرے پاس آئیں۔

۴۲ رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَأَنْتَ خَيْرُ

ہمارے رب! ہم ایمان لے آئے، سو ہمیں بخش دے اور ہم پر مہربانی فرما،

الرّٰحِمِيْنَ ۝ (المؤمنون ۱۰۹)

اور تو سب سے بہتر رحم کرنے والا ہے۔

۴۳ رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَأَنْتَ خَيْرُ

میرے رب! مجھے بخش دے اور مہربانی فرما، اور تو سب سے بہتر رحم

الرّٰحِمِيْنَ ۝ (المؤمنون ۱۱۸)

کرنے والا ہے۔

۴۴ رَبَّنَا اصْرِفْ عَنَّا عَذَابَ جَهَنَّمَ ۖ إِنَّ

ہمارے رب! ہم سے عذاب دوزخ کو ہٹالے، اس کا عذاب لازمی

عَذَابَهَا كَانَ غَرَامًا ۝ إِنَّهَا سَآءَتْ مُسْتَقَرًّا

وواقعی ہے، بلاشبہ وہ جہنم بری جگہ ہے تھوڑی دیر ٹھہرنے اور ہمیشہ

وَّمُقَامًا ۝ (الفرقان ۶۵، ۶۶)

رہنے کے اعتبار سے۔

۷۵ رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ أَزْوٰجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ

ہمارے رب! ہمیں اپنی بیویوں اور اولاد کی طرف سے آنکھوں کی ٹھنڈک

أَعْيُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ إِمَامًا ۝ (الفرقان ۷۴)

عطا فرما، اور ہمیں پرہیزگاروں کا مقتدا بنا۔

۷۶ رَبِّ هَبْ لِيْ حُكْمًا وَّأَلْحِقْنِيْ بِالصّٰلِحِيْنَ ۝

میرے رب! مجھے حکمت عطا فرما اور نیکوکاروں میں شامل کر، اور میرے

وَاجْعَلْ لِّيْ لِسَانَ صِدْقٍ فِي الْاٰخِرِيْنَ ۝

پیچھے آنے والی نسلوں میں میرا ذکر خیر باقی رکھ، اور مجھے باغ نعمت کے

وَاجْعَلْنِيْ مِنْ وَّرَثَةِ جَنَّةِ النَّعِيْمِ ۝ وَاغْفِرْ

وارثوں میں شامل فرما، اور میرے باپ کی بخشش فرما، (کیوں کہ) وہ

لِأَبِيْ إِنَّهٗ كَانَ مِنَ الضَّآلِّيْنَ ○ وَلَا تُخْزِنِيْ

گمراہوں میں ہے، اور مجھے اس روز رسوا نہ کرنا جب لوگوں کو زندہ

يَوْمَ يُبْعَثُوْنَ ○ يَوْمَ لَا يَنْفَعُ مَالٌ وَّلَا بَنُوْنَ ○

کیا جائے گا، جس روز نہ مال کام آئے گا اور نہ بیٹے، مگر جو اللہ کے پاس

إِلَّا مَنْ أَتَى اللّٰهَ بِقَلْبٍ سَلِيْمٍ ○ (الشعراء ۸۳-۸۹)

بے روگ دل لے کر آئے گا۔

۲۷ رَبِّ نَجِّنِيْ وَأَهْلِيْ مِمَّا يَعْمَلُوْنَ ○

میرے رب! مجھے اور میرے گھر والوں کو ان معاصی (کے وبال و نحوست)

(الشعراء ۱۶۹)

سے محفوظ رکھ جنھیں وہ کرتے ہیں۔

۲۸ رَبِّ إِنَّ قَوْمِيْ كَذَّبُوْنِ ○ فَافْتَحْ بَيْنِيْ وَبَيْنَهُمْ

میرے رب! میری قوم نے مجھے جھٹلایا، سو میرے اور ان کے مابین کوئی

فَتْحًا وَّنَجِّنِيْ وَمَنْ مَّعِيَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ○ (الشعراء ۱۱۷-۱۱۸)

(عملی) فیصلہ فرمادے، اور مجھے اور میرے مومن ساتھیوں کو بچا لیجیو۔

۴۹ رَبِّ أَوْزِعْنِيٓ أَنْ أَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِيٓ

میرے رب! مجھے اس بات کی توفیق دے کہ میں تیرے ان احسانوں کا

أَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَعَلٰى وٰلِدَيَّ وَأَنْ أَعْمَلَ

شکر ادا کروں جو تو نے مجھ پر اور میرے والدین پر کیے، اور اس بات کی بھی

صٰلِحًا تَرْضٰىهُ وَأَدْخِلْنِي بِرَحْمَتِكَ فِي

توفیق دے کہ میں ایسے نیک کام کروں جو تجھے پسند آئیں اور از راہِ کرم

عِبَادِكَ الصّٰلِحِيْنَ O (النمل ۱۹)

مجھے اپنے نیکوکار بندوں میں شامل فرمالے۔

۵۰ رَبِّ إِنِّي ظَلَمْتُ نَفْسِي فَاغْفِرْلِي O (القصص ۱۶)

میرے رب! میں نے اپنا برا کیا، سو مجھے بخش دے۔

۵۱ رَبِّ نَجِّنِي مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ O (القصص ۲۱)

میرے رب! مجھے ظالم لوگوں سے بچالے۔

۵۲ رَبِّ إِنِّي لِمَآ أَنْزَلْتَ إِلَيَّ مِنْ خَيْرٍ فَقِيْرٌ O (القصص ۲۴)

میرے رب! میں ہر اس خیر کا محتاج ہوں جو تو میری طرف نازل فرمائے۔

۵۳ رَبِّ انْصُرْنِيْ عَلَى الْقَوْمِ الْمُفْسِدِيْنَ ○

میرے رب! فساد پھیلانے والے لوگوں کے مقابلے میں تو میری

(العنکبوت ۳۰)

نصرت فرما۔

۵۴ فَسُبْحٰنَ اللّٰهِ حِيْنَ تُمْسُوْنَ وَحِيْنَ تُصْبِحُوْنَ ○

سو جب تم شام کرو اور جب صبح کرو تو اللہ کی پاکی و تسبیح بیان کرو اور

وَلَهُ الْحَمْدُ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ وَعَشِيًّا

وہی مستحق تعریف ہے آسمانوں اور زمینوں میں اور بوقت شب بھی

وَّحِيْنَ تُظْهِرُوْنَ ○ يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ

اور بوقت دوپہر بھی، وہ زندہ کو مردہ سے اور بے جان کو جاندار سے

وَيُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَيُحْيِ الْأَرْضَ

نکالتا ہے اور زمین کے مرجانے کے بعد اس کو زندہ کرتا ہے اور اسی

بَعْدَ مَوْتِهَا ؕ وَكَذٰلِكَ تُخْرَجُوْنَ ○ (الروم ۱۷ - ۱۹)

طرح تم بھی نکالے جاؤ گے۔

۵۵ رَبِّ هَبْ لِيْ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ○ (الصافات ۱۰۰)

میرے رب! مجھے نیک بیٹا عطا فرما۔

۵۶ قُلِ اللّٰهُمَّ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ عٰلِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ أَنْتَ تَحْكُمُ بَيْنَ عِبَادِكَ فِيْ مَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ○ (الزمر ۴۶)

(اے مخاطب) تو یہ کہہ کر اے اللہ اے زمین و آسمان کے پیدا کرنے والے، مخفی اور کھلی باتوں کے جاننے والے! تو ہی لوگوں کے ان نزاعات کو فیصل کرے گا جن میں ان کا جھگڑا ہے۔

۵۷ رَبَّنَا وَسِعْتَ كُلَّ شَيْءٍ رَّحْمَةً وَّعِلْمًا فَاغْفِرْ لِلَّذِيْنَ تَابُوْا وَاتَّبَعُوْا سَبِيْلَكَ وَقِهِمْ عَذَابَ الْجَحِيْمِ ○ رَبَّنَا وَأَدْخِلْهُمْ جَنّٰتِ عَدْنِ ۨالَّتِيْ

ہمارے پروردگار! تیری رحمت عامہ اور تیرا علم ہر چیز کو محیط ہے، سو جو توبہ کریں اور تیری راہ پر چلیں ان کو بخش دے اور ان کو عذاب نار سے بچا۔ اے ہمارے پروردگار! اور تو انھیں ہمیشہ رہنے کے ان باغات میں داخل فرما جن کا تو نے ان

وَعَدْتَّهُمْ وَمَنْ صَلَحَ مِنْ اٰبَآئِهِمْ وَأَزْوٰجِهِمْ وَ

سے وعدہ فرمایا ہے، اور (ان کے ساتھ) دخول جنت کی صلاحیت رکھنے والے ان

ذُرِّيّٰتِهِمْ ۚ إِنَّكَ أَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝ وَقِهِمُ

کے باپ ماں اوران کی بیویوں اوران کی اولاد کو بھی (داخل فرما)، بلاشبہ تو ہی

السَّيِّئَاتِ ۚ وَمَنْ تَقِ السَّيِّئَاتِ يَوْمَئِذٍ فَقَدْ

زبردست ہے بڑی حکمت والا ہے، اور انہیں برائیوں سے بچا، اور اس دن جس کو تو

رَحِمْتَهُ ۚ وَذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝ (الغافر ۷ - ۹)

نے برائیوں سے بچایا تو اس پر تو نے رحم فرمایا، اور یہی تو ہے بڑی کامیابی۔

۵۸ رَبِّ أَوْزِعْنِيْ أَنْ أَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِيْ

میرے پروردگار! مجھے اس بات کی توفیق دے کہ میں تیری ان نعمتوں کا شکر

أَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَعَلٰى وَالِدَيَّ وَأَنْ أَعْمَلَ صَالِحًا

ادا کروں جو تو نے مجھے اور میرے والدین کو دیں، اور اس بات کی بھی (توفیق

تَرْضٰهُ وَأَصْلِحْ لِيْ فِيْ ذُرِّيَّتِيْ ۚ إِنِّيْ تُبْتُ إِلَيْكَ

دے) کہ میں تیری پسند کے نیک اعمال کروں، اور میری اولاد میں درستگی

وَإِنِّي مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ۝ (الأحقاف ۱۵)

ونیکی پیدا فرما، میں تیرے سامنے توبہ کرتا ہوں، اور میں حکم بردار ہوں۔

۵۹ رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِإِخْوَانِنَا الَّذِيْنَ سَبَقُوْنَا

ہمارے پروردگار! تو ہمیں معاف فرما اور ہمارے ان بھائیوں کو بھی جو ہم

بِالْإِيْمَانِ وَلَا تَجْعَلْ فِي قُلُوْبِنَا غِلًّا لِّلَّذِيْنَ

سے پہلے مؤمن ہوئے، اور ہمارے دلوں میں ایمان والوں سے متعلق بیر

اٰمَنُوْا رَبَّنَآ إِنَّكَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝ (الحشر ۱۰)

نہ رکھ، اے ہمارے رب بلاشبہ تو بڑی شفقتوں والا ہے رحم والا ہے۔

۶۰ رَبَّنَا عَلَيْكَ تَوَكَّلْنَا وَإِلَيْكَ أَنَبْنَا وَإِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ۝

ہمارے رب! ہم نے تجھ پر ہی بھروسہ کیا اور ہم تیری ہی جانب متوجہ ہوئے اور تیری

رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَاغْفِرْ لَنَا رَبَّنَا ۚ

جانب ہی (سب کو) لوٹ کر آنا ہے، ہمارے رب! ہم پر کافروں کی زور آزمائی نہ فرما، اور

إِنَّكَ أَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝ (الممتحنة ٤، ٥)

اے ہمارے رب! ہمیں بخش دے، بلاشبہ تو ہی زبردست ہے، بڑی حکمتوں والا ہے۔

۶۱ رَبَّنَآ اَتْمِمْ لَنَا نُوْرَنَا وَاغْفِرْ لَنَا ۚ اِنَّكَ عَلٰى

ہمارے رب! ہمارے لیے ہماری روشنی کو پوری کر دے، اور ہمیں معاف

كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ (التحریم ۸)

فرما، بے شک تو ہر کام کر سکتا ہے۔

۶۲ رَبِّ اغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَلِمَنْ دَخَلَ بَيْتِيَ

میرے رب! تو مجھے اور میرے والدین اور میرے گھر میں مومن بن کر

مُؤْمِنًا وَّلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ ۝ (النوح ۲۸)

رہنے والوں اور تمام ایمان والے مردوں اور عورتوں کو بخش دے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

سب پر مہربان، نہایت رحم والے اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں۔

۶۳ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۝ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۝

تو کہہ کہ میں صبح کے رب کی پناہ میں آتا ہوں، اس کی پیدا کردہ اشیا کے شر سے

وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۝ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ

اور رات کے شر سے جبکہ وہ پھیل جائے، اور گرہوں پر پھونکنے والیوں کے شر

فِي الْعُقَدِ ○ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ إِذَا حَسَدَ ○

سے اور برا چاہنے والے کے شر سے جب کہ وہ اپنے حسد کا اظہار کرے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

سب پر مہربان، نہایت رحم والے اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں۔

۶۴ قُلْ أَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ○ مَلِكِ النَّاسِ ○

تو کہہ کہ میں لوگوں کے رب کی، لوگوں کے بادشاہ کی، لوگوں کے معبود کی

إِلٰهِ النَّاسِ ○ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ ○ الَّذِيْ

پناہ میں آتا ہوں بہلانے پھسلانے والے، پیچھے ہٹ جانے والے جن و

يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ ○ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ○

انس شیاطین کے شر سے جو لوگوں کے دلوں میں برے خیالات ڈالے۔

۶۵ سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ وَتَحِيَّتُهُمْ فِيْهَا سَلٰمٌ ۚ وَاٰخِرُ

اے اللہ ہم تیری پاکی بیان کرتے ہیں اور جنت میں ان کی ملاقات کے وقت سلام ہوا کرے

دَعْوٰهُمْ أَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ○ (یونس ۱۰)

گا، اور ان کی آخری پکار یہ ہوگی کہ تمام تعریفوں کا مستحق سارے جہانوں کا پالنے والا اللہ ہے۔

۶۲ [قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى: وَلِلّٰهِ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى فَادْعُوْهُ بِهَا ○

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: اور سب اچھے نام اللہ ہی کے لیے ہیں، سو ان کے ذریعہ اس کو پکارو۔

وَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ: إِنَّ لِلّٰهِ تَعَالٰى تِسْعَةً وَّتِسْعِيْنَ اِسْمًا، مَنْ

حضرت نبی کریم ﷺ کا ارشاد ہے: کہ اللہ تعالیٰ کے ننانوے نام ہیں، جو شخص ان کو یاد کرے گا وہ

أَحْصَاهَا دَخَلَ الْجَنَّةَ. وَفِيْ رِوَايَةٍ "مَنْ حَفِظَهَا":]

داخل جنت ہوگا، اور دوسری روایت میں بجائے "احصاها" کے "حفظها" کا کلمہ وارد ہوا ہے۔

نام	معنی
هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ	وہ اللہ ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں
اَلرَّحْمٰنُ	وہ بڑا مہربان
اَلرَّحِيْمُ	نہایت رحم والا
اَلْمَلِكُ	بادشاہ
اَلْقُدُّوْسُ	پاک
اَلسَّلَامُ	سلامتی والا
اَلْمُؤْمِنُ	امان دینے والا
اَلْمُهَيْمِنُ	پناہ میں لینے والا
اَلْعَزِيْزُ	زبردست
اَلْجَبَّارُ	دباؤ والا
اَلْمُتَكَبِّرُ	عظمت والا
اَلْخَالِقُ	پیدا کرنے والا
اَلْبَارِئُ	جسم میں جان ڈالنے والا
اَلْمُصَوِّرُ	صورت بنانے والا
اَلْغَفَّارُ	بہت بخشنے والا

اَلْقَهَّارُ	اَلْوَهَّابُ	اَلرَّزَّاقُ	اَلْفَتَّاحُ
تسلط والا	بڑا داتا	بہت روزی دینے والا	فیصلہ کرنے والا
اَلْعَلِيْمُ	اَلْقَابِضُ	اَلْبَاسِطُ	اَلْخَافِضُ
سب کچھ جاننے والا	تنگ کرنے والا	کشادگی بخشنے والا	پست کرنے والا
اَلرَّافِعُ	اَلْمُعِزُّ	اَلْمُذِلُّ	اَلسَّمِيْعُ
بلند کرنے والا	عزت دینے والا	ذلیل کرنے والا	سب کچھ سننے والا
اَلْبَصِيْرُ	اَلْحَكَمُ	اَلْعَدْلُ	اَللَّطِيْفُ
سب کچھ دیکھنے والا	اٹل فیصلے والا	برابری قائم کرنے والا	بڑا باریک بین
اَلْخَبِيْرُ	اَلْحَلِيْمُ	اَلْعَظِيْمُ	اَلْغَفُوْرُ
بڑا باخبر	بڑا بردبار	بڑائی والا	گناہ بخشنے والا
اَلشَّكُوْرُ	اَلْعَلِيُّ	اَلْكَبِيْرُ	اَلْحَفِيْظُ
قدردان	برتر	بڑا	حفاظت کرنے والا
اَلْمُقِيْتُ	اَلْحَسِيْبُ	اَلْجَلِيْلُ	اَلْكَرِيْمُ
غذا بخش	حساب کرنے والا	بڑی شان والا	بے مانگے بخشنے والا

الرَّقِيْبُ	الْمُجِيْبُ	الْوَاسِعُ	الْحَكِيْمُ
نگران	قبول کرنے والا	گنجائش والا	حکمت والا
الْوَدُوْدُ	الْمَجِيْدُ	الْبَاعِثُ	الشَّهِيْدُ
بڑی محبت والا	بزرگی والا	دوبارہ زندہ کرنے والا	موجود
الْحَقُّ	الْوَكِيْلُ	الْقَوِيُّ	الْمَتِيْنُ
ثابت الوجود	کارساز	زور والا	مضبوط
الْوَلِيُّ	الْحَمِيْدُ	الْمُحْصِي	الْمُبْدِئُ
حمایتی	مستحق تعریف	مقدار جاننے والا	پہلی بار پیدا کرنے والا
الْمُعِيْدُ	الْمُحْيِي	الْمُمِيْتُ	الْحَيُّ
دوسری مرتبہ پیدا کرنے والا	زندہ کرنے والا	مارنے والا	سدا زندہ
الْقَيُّوْمُ	الْوَاجِدُ	الْمَاجِدُ	الْوَاحِدُ
سب کو تھامنے والا	ہمیشہ مالدار رہنے والا	شرف والا	اکیلا
الْأَحَدُ	الصَّمَدُ	الْقَادِرُ	الْمُقْتَدِرُ
یکتا	بے نیاز	قدرت والا	بڑی قدرت والا

الْمُقَدِّمُ — آگے بڑھانے والا

الْمُؤَخِّرُ — پیچھے ہٹانے والا

الْأَوَّلُ — سب سے پہلا

الْآخِرُ — سب کے بعد

الظَّاهِرُ — نمایاں

الْبَاطِنُ — مخفی

الْوَالِيْ — ذمہ دار

الْمُتَعَالِيْ — بلند و برتر

الْبَرُّ — نیک سلوک کرنے والا

التَّوَّابُ — متوجہ ہونے والا

الْمُنْتَقِمُ — بدلہ لینے والا

الْعَفُوُّ — معاف کرنے والا

الرَّءُوْفُ — بڑا شفقت کرنے والا

مَالِكُ الْمُلْكِ — ساری سلطنت کا مالک

ذُوالْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ — بزرگی و انعام والا

الْمُقْسِطُ — انصاف کرنے والا

الْجَامِعُ — اکھٹا کرنے والا

الْغَنِيُّ — بے پروا

الْمُغْنِيْ — بے نیاز کرنے والا

الْمَانِعُ — باز رکھنے والا

الضَّارُّ — ضرر پہنچانے والا

النَّافِعُ — نفع بخش

النُّوْرُ — روشن

الْهَادِيْ — ہدایت دینے والا

الْبَدِيْعُ — بے نمونہ بنانے والا

الْبَاقِيْ — ہمیشہ رہنے والا

الْوَارِثُ — سب کے پیچھے رہنے والا

الرَّشِيْدُ	الصَّبُوْرُ	(مشكوة ١ : ١٩٩ ، الترمذي ٢ : ١٨٨)

نیک راہ بتانے والا تحمل و ضبط والا ہے

۶۷ [وَاسْمُ اللّٰهِ الْأَعْظَمُ الَّذِيْ إِذَا دُعِيَ بِهٖ أَجَابَ،

اللہ کا وہ اسم اعظم جس کے ذریعہ سے جب دعا کی جائے تو وہ قبول ہی فرماتا ہے، اور

وَإِذَا سُئِلَ بِهٖ أَعْطٰى] لَآ إِلٰهَ إِلَّآ أَنْتَ سُبْحٰنَكَ

جب اس کے ذریعہ مانگا جائے تو عطا فرمائے، وہ یہ ہے: تیرے سوا کوئی معبود نہیں،

إِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ○ (المستدرك ١ : ٦٨٥)

ہم تیری پاکی بیان کرتے ہیں، بلا شبہ میں ہی قصور وار ہوں۔

۶۸ اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْأَلُكَ بِأَنِّيْ أَشْهَدُ أَنَّكَ أَنْتَ

یا اللہ! میں تجھ سے اس بنا پر مانگتا ہوں کہ گواہی دیتا ہوں کہ بے شک تو ہی

اللّٰهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ، الْأَحَدُ الصَّمَدُ الَّذِيْ لَمْ يَلِدْ

اللہ ہے، تیرے سوا کوئی معبود نہیں، تو اکیلا ہے، بے نیاز ہے، جس نے نہ

وَلَمْ يُوْلَدْ، وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا أَحَدٌ. (الترمذي ٢ : ١٨٥)

کسی کو جنا اور نہ وہ کسی سے جنا اور نہ اس کا کوئی ہمسر ہے۔

۶۹ اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ بِأَنَّ لَكَ الْحَمْدَ، لَا إِلٰهَ

یا اللہ! میں تجھ سے اس لیے مانگتا ہوں کہ ساری تعریفوں کا مستحق تو ہی ہے،

إِلَّا أَنْتَ (وَحْدَكَ لَاشَرِيْكَ لَكَ) الْحَنَّانُ الْمَنَّانُ

تیرے سوا کوئی معبود نہیں، دراں حالیکہ تو یکتا ہے، تیرا کوئی ساجھی نہیں، تو ہی

بَدِيْعُ السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضِ، يَاذَا الْجَلَالِ

بڑا مشفق ہے، منعم ہے، آسمانوں اور زمینوں کو بے نمونہ بنانے والا ہے،

وَالْإِكْرَامِ، يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ. (ابن حبان ۲: ۱۲۶)

اے بزرگی اور بخشش والے، اے سدا زندہ رہنے والے سب کو تھامنے والے۔

۷۰ يَاأَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ. (المستدرک ۱: ۷۲۸)

اے سب رحم والوں سے زیادہ رحم کرنے والے! (مجھ پر رحم فرما)۔

۷۱ سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَلِيِّ الْأَعْلَى الْوَهَّابِ.

میں اپنے بلند و برتر اور بے مانگے دینے والے پروردگار کی پاکی بیان

(المستدرک ۱: ٦٧٦)

کرتا ہوں۔

۴۲ أَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ

میں مخلوق کے شر سے اللہ کے مکمل کلمات کی پناہ میں

مَا خَلَقَ. (الترمذي ۲: ۱۸۲)

آتا ہوں۔

۴۳ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَيْءٌ

اس اللہ کے نام سے مدد چاہتا ہوں جس کے نام کے ہوتے ہوئے آسمان

فِي الْأَرْضِ وَلَا فِي السَّمَاءِ، وَهُوَ السَّمِيْعُ

وزمین کی کوئی شے نقصان نہیں پہنچا سکتی، اور وہی سب کچھ سننے والا ہے

الْعَلِيْمُ. (الترمذي ۲: ۱۷۶)

سب کچھ جاننے والا ہے۔

۴۴ أَصْبَحْنَا وَأَصْبَحَ الْمُلْكُ لِلّٰهِ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ،

ہم نے اور تمام بادشاہتوں نے اللہ کے زیر اقتدار و زیر ملکیت صبح کی، اور ساری

لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ، لَهُ الْمُلْكُ

تعریفیں اللہ کے لائق ہیں، اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں جس کا حال یہ ہے کہ وہ یکتا

وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ، رَبِّ

ہے جس کا کوئی حصہ دار نہیں، ساری بادشاہت کا وہ مالک ہے، اور ساری تعریفیں

أَسْأَلُكَ خَيْرَ مَا فِيْ هٰذَا الْيَوْمِ وَخَيْرَ مَا بَعْدَهُ،

اس کے لیے مخصوص ہیں، اور وہ ہر کام کر سکتا ہے، میرے رب! میں آج کے دن کی

وَأَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا فِيْ هٰذَا الْيَوْمِ وَ شَرِّ

اور اس کے بعد کی خیر و بھلائی چاہتا ہوں، اور آج کے دن کی اور آج کے بعد کی شر و ر

مَا بَعْدَهُ. رَبِّ أَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْكَسَلِ وَسُوْءِ

سے تیری پناہ و حفاظت میں آتا ہوں، میرے رب! میں کاہلی سے اور بڑھاپے

الْكِبَرِ، رَبِّ أَعُوْذُ بِكَ مِنْ عَذَابٍ فِي النَّارِ

کی مکروہات سے تیری پناہ و حفاظت میں آتا ہوں، میرے رب! میں دوزخ میں

وَعَذَابٍ فِي الْقَبْرِ. (مسلم ۲: ۳۵۰)

موجود عذاب اور قبر میں ہونے والے عذاب سے تیری پناہ و حفاظت میں آتا ہوں۔

۴۷ اَللّٰهُمَّ فَاطِرَ السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضِ، عَالِمَ

اے اللہ، اے آسمانوں اور زمینوں کے موجد، اے مخفی اور ظاہری باتوں کے

الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ، رَبَّ كُلِّ شَيْءٍ وَمَلِيْكَهُ؛

جاننے والے، اے ہر شے کے پروردگار اور بادشاہ! میں گواہی دیتا ہوں کہ

أَشْهَدُ أَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ (وَحْدَكَ لَا شَرِيْكَ

تیرے سوا کوئی معبود نہیں، درآں حالیکہ تو یکتا ہے، تیرا کوئی ساجھی نہیں،

لَكَ). أَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ نَفْسِيْ، وَمِنْ شَرِّ

میں تیری حفاظت وپناہ میں آتا ہوں اپنے نفس کے شر سے اور شیطان کے

الشَّيْطَانِ وَشِرْكِهِ، وَأَنْ أَقْتَرِفَ عَلٰى نَفْسِيْ

شر اور اس کے پھندوں سے اور اس بات سے کہ میں اپنے نفس کے لیے

سُوْءًا أَوْ أَجُرَّهُ إِلٰى مُسْلِمٍ. (أبو داود ۵۰۶۷، ۵۰۸۳، ۵۰۶۷، أحمد ۵۱)

کسی گناہ کو کماؤں یا کسی مسلمان کی جانب گناہ کا انتساب کروں۔

(۴۲) اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَصْبَحْتُ، أُشْهِدُكَ وَأُشْهِدُ

اے اللہ! میں نے اس حال میں صبح کی کہ میں تجھے اور تیرے حاملین عرش

حَمَلَةَ عَرْشِكَ وَمَلَائِكَتَكَ وَجَمِيْعَ خَلْقِكَ

فرشتوں کو اور دیگر تمام فرشتوں کو اور تیری تمام مخلوق کو اس بات کا گواہ بنا

أَنَّكَ أَنْتَ اللّٰهُ، لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ وَأَنَّ مُحَمَّدًا

رہا ہوں کہ تو ہی اللہ ہے، تیرے سوا کوئی معبود نہیں اور اس بات کا بھی کہ محمد

عَبْدُكَ وَرَسُوْلُكَ. (أبوداود ٢: ٦٩١)

تیرے بندے اور تیرے رسول ہیں۔

٧٧ اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ الْعَافِيَةَ فِي الدُّنْيَا

اے اللہ! میں تجھ سے دنیا و آخرت کی عافیت و خیریت مانگتا ہوں۔ اے اللہ!

وَالْاٰخِرَةِ، اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ

میں تجھ سے اپنے دین و دنیا اور اپنے اہل و مال میں زیادتی اور خیریت

فِي دِيْنِي وَدُنْيَايَ وَأَهْلِيْ وَمَالِيْ، اَللّٰهُمَّ اسْتُرْ

وسلامتی چاہتا ہوں۔ اے اللہ! میرے عیوب پر پردہ ڈال دے اور میری

عَوْرَاتِيْ وَاٰمِنْ رَوْعَاتِيْ، اَللّٰهُمَّ احْفَظْنِيْ مِنْ

گھبراہٹوں کو امن وسکون سے بدل دے۔ اے اللہ! میرے آگے سے اور

بَيْنِ يَدَيَّ وَمِنْ خَلْفِيْ وَعَنْ يَّمِيْنِيْ وَعَنْ

میرے پیچھے سے اور میرے دائیں سے اور میرے بائیں سے اور میرے

شِمَالِي وَمِنْ فَوْقِي، وَأَعُوذُ بِعَظَمَتِكَ أَنْ

اوپر سے میری حفاظت فرما، اور میرے نیچے سے آنے والے ناگہانی عذاب

أُغْتَالَ مِنْ تَحْتِي. (أبوداود ۲: ۶۹۲)

سے تیری عظمت کی پناہ وحفاظت میں آتا ہوں۔

۵۸ رَضِينَا بِاللّٰهِ رَبًّا، وَبِالْإِسْلَامِ دِينًا، وَبِمُحَمَّدٍ

ہم نے اللہ کو بطور معبود کے اور اسلام کو بطور مذہب کے اور محمد ﷺ کو بطور

(ﷺ) رَسُولًا وَنَبِيًّا. (أبوداود ۲: ۶۹۲، مسلم ۱: ۳۶۷)

پیغمبر اور نبی کے پسند کرلیا۔

۵۹ اَللّٰهُمَّ مَا أَصْبَحَ بِي مِنْ نِعْمَةٍ أَوْ بِأَحَدٍ

یا اللہ! جو کچھ نعمت مجھے یا تیری کسی بھی مخلوق کو پہنچی اس کا پہنچانے والا صرف

مِنْ خَلْقِكَ فَمِنْكَ وَحْدَكَ لَا شَرِيكَ لَكَ،

تو ہے، دراں حالیکہ تو یکتا ہے اور تیرا کوئی ساجھی نہیں، سو ساری تعریفوں کا

فَلَكَ الْحَمْدُ وَلَكَ الشُّكْرُ. (ابن حبان ۲: ۱۱۱)

مستحق تو ہی ہے اور سارے شکریوں کا بھی مستحق تو ہی ہے۔

٨٠ اَللّٰھُمَّ عَافِنِيْ فِيْ بَدَنِيْ ، اَللّٰھُمَّ عَافِنِيْ

یا اللہ! میرے جسم کو صحت دے۔ یا اللہ! میرے کانوں کو صحت دے۔ یا اللہ!

فِيْ سَمْعِيْ ، اَللّٰھُمَّ عَافِنِيْ فِيْ بَصَرِيْ ؛ لَآ اِلٰهَ

میری آنکھوں کو صحت دے۔ تیرے علاوہ کوئی معبود نہیں (یہ دعا تین مرتبہ پڑھیے)

اِلَّآ اَنْتَ . (ثلاث مرات) اَللّٰھُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ

یا اللہ! میں ناشکری اور ناداری سے تیری پناہ وحفاظت میں آتا ہوں۔ یا اللہ!

الْكُفْرِ وَالْفَقْرِ ، اَللّٰھُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ عَذَابِ

میں عذاب قبر سے تیری پناہ میں آتا ہوں۔ تیرے علاوہ کوئی معبود نہیں۔

الْقَبْرِ ؛ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ . (ثلاث مرات). (أبوداود ۲: ۶۹۴)

(یہ دعا تین مرتبہ پڑھیے)۔

٨١ سُبْحَانَ اللهِ وَبِحَمْدِهٖ ، (لَاحَوْلَ وَ) لَاقُوَّةَ

میں اللہ کی پاکیاں اور خوبیاں بیان کرتا ہوں، اللہ کے علاوہ کوئی گناہوں

اِلَّا بِاللهِ ، مَاشَآءَ اللّٰهُ كَانَ وَمَالَمْ يَشَأْ لَمْ يَكُنْ ،

سے بچانے والا اور نیکیوں کی طاقت دینے والا نہیں۔ جو اللہ نے چاہا وہ ہوا،

أَعْلَمُ أَنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ، وَأَنَّ اللّٰهَ

اور جو نہ چاہا نہ ہوا، مجھے یقین ہے کہ اللہ ہر کام کر سکتا ہے، اور اللہ کا علم ہر

قَدْ أَحَاطَ بِكُلِّ شَيْءٍ عِلْمًا. (ابوداود ۲:۶۹۲)

شے کو محیط ہے۔

۸۲ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ أَسْتَغِيْثُ،

اے سدا رہنے والے، اے سب کو تھامنے والے، میں صرف تیری رحمت کا

أَصْلِحْ لِيْ شَأْنِيْ كُلَّهٗ، وَلَا تَكِلْنِيْ إِلٰى نَفْسِيْ

طلبگار ہوں، میرے سارے احوال درست فرما، اور مجھے ایک لمحے کے لیے

طَرْفَةَ عَيْنٍ. (المستدرک ۱:۷۳۰)

بھی میرے نفس کے حوالے نہ کر۔

۸۳ [سید الاستغفار] اَللّٰهُمَّ أَنْتَ رَبِّيْ، لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ

یا اللہ تو میرا رب ہے، تیرے سوا کوئی معبود نہیں، تو نے مجھے پیدا کیا اور میں

خَلَقْتَنِيْ، وَأَنَا عَبْدُكَ، وَأَنَا عَلٰى عَهْدِكَ وَوَعْدِكَ

تیرا بندہ ہوں اور حتی الامکان تجھ سے کیے گئے قول و قرار پر قائم ہوں، میں

مَا اسْتَطَعْتُ. أَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ،

اپنے اعمال کے شر سے تیری پناہ و حفاظت میں آتا ہوں، مجھ پر اترنے والی

أَبُوْءُ لَكَ بِنِعْمَتِكَ عَلَيَّ، وَأَبُوْءُ لَكَ بِذَنْبِي،

تیری نعمتوں کا معترف ہوں، اور اپنے گناہوں کا بھی اقرار کرتا ہوں، سو مجھے

فَاغْفِرْلِي فَإِنَّهُ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ إِلَّا أَنْتَ. (بخاري ۲: ۹۳۲)

معاف کر دے، کیوں کہ تیرے سوا دوسرا کوئی معاف کر نہیں سکتا۔

(۸۴) اَللّٰهُمَّ أَنْتَ أَحَقُّ مَنْ ذُكِرَ، وَأَحَقُّ مَنْ

یا اللہ! یاد کیے جانے والوں میں سب سے زیادہ مستحق یاد تو ہی ہے اور جن کی پرستش کی جاتی

عُبِدَ، وَأَنْصَرُ مَنِ ابْتُغِيَ، وَأَرْأَفُ مَنْ مَّلَكَ،

ہے تو ان سب سے زیادہ مستحق عبادت ہے۔ اور جن سے مدد چاہی جاتی ہے تو ان سب

وَأَجْوَدُ مَنْ سُئِلَ، وَأَوْسَعُ مَنْ أَعْطَى؛ اَللّٰهُمَّ

سے زیادہ مددگار ہے۔ اور تمام مالکوں سے زیادہ مہربان تو ہے۔ اور جن سے مانگا جاتا ہے

أَنْتَ الْمَلِكُ لَا شَرِيْكَ لَكَ، وَالْفَرْدُ لَا نِدَّ

تو ان سب سے بڑا سخی ہے، اور تمام داد و دہش کرنے والوں سے زیادہ کشادہ دست تو ہے۔

لَكَ، كُلُّ شَيْءٍ هَالِكٌ إِلَّا وَجْهَكَ، لَنْ

اے اللہ! تو ہی بادشاہ ہے، تیرا کوئی شریک نہیں، اور تو ہی خالق ہے تیرا کوئی مثل نہیں، تیری

تُطَاعَ إِلَّا بِإِذْنِكَ، وَلَنْ تُعْصَى إِلَّا بِعِلْمِكَ،

ذات کے علاوہ ہر شے فنا ہونے والی ہے، تیرے حکم کے بغیر عبادت نہیں ہوتی، تیرے علم

تُطَاعُ فَتَشْكُرُ، وَتُعْصَى فَتَغْفِرُ؛ أَقْرَبُ شَهِيدٍ،

کے بغیر نافرمانی نہیں ہوتی، تیری اطاعت کی جائے تو تو قبول فرماتا ہے اور تیری نافرمانی

وَأَدْنَى حَفِيظٍ، حُلْتَ دُونَ النُّفُوسِ، وَأَخَذْتَ

کی جائے تو تو معاف کرتا ہے۔ تو قریب ترین گواہ ہے، اور نزدیک ترین نگہبان ہے، تیرا

بِالنَّوَاصِي، وَكَتَبْتَ الْآثَارَ، وَنَسَخْتَ الْآجَالَ؛

تصرف دلوں پر چلتا ہے، اور سب کی چوٹیاں تیری مٹھی میں ہیں، لوگوں کے نشانات یعنی

اَلْقُلُوبُ لَكَ مُفْضِيَةٌ، وَالسِّرُّ عِنْدَكَ عَلَانِيَةٌ،

اعمال باقیہ تیری قید تحریر میں ہیں۔ اور لوگوں کی عمریں تو نے لکھ رکھی ہیں، قلوب کے احوال

اَلْحَلَالُ مَا أَحْلَلْتَ، وَالْحَرَامُ مَا حَرَّمْتَ،

تیرے سامنے واضح ہیں، اور سارے بھید تیرے سامنے ظاہر ہیں، اور تیری حلال کردہ اشیا

وَالدِّيْنُ مَا شَرَعْتَ، وَالْأَمْرُ مَاقَضَيْتَ، اَلْخَلْقُ

ہی حلال ہیں، اور تیری حرام کردہ اشیا ہی حرام ہیں، اور سچا دین تو وہی ہے جسے تو نے

خَلْقُكَ، وَالْعَبْدُ عَبْدُكَ، وَأَنْتَ اللّٰهُ الرَّءُوْفُ

جاری کیا ہے، اور حکم تو وہی ہے جسے تو نے صادر کیا ہے، اور ساری مخلوق تیری ہی بنائی ہوئی

الرَّحِيْمُ. أَسْأَلُكَ بِنُوْرِ وَجْهِكَ الَّذِيْ أَشْرَقَتْ

ہے اور سارے بندے تیرے ہی غلام ہیں، اور تو ہی مشفق و مہربان اللہ ہے، میں تیرے

لَهُ السَّمٰوٰتُ وَالْأَرْضُ، وَبِكُلِّ حَقٍّ هُوَ لَكَ،

چہرۂ انور کے اس نور کے وسیلے سے جس کی بدولت آسمان و زمین منور ہوئے، اور مخلوقات

وَبِحَقِّ السَّائِلِيْنَ عَلَيْكَ، أَنْ تُقِيْلَنِيْ فِيْ هٰذِهِ

پر واجب شدہ تیرے تمام حقوق کے وسیلے سے، اور مانگنے والوں کے حق کے وسیلے سے جو

الْغَدَاةِ وَفِيْ هٰذِهِ الْعَشِيَّةِ، وَأَنْ تُجِيْرَنِيْ مِنَ

تو نے اپنے اوپر لازم کر رکھا ہے یہ درخواست کرتا ہوں کہ تو مجھے آج کی صبح / آج کی شام کو

النَّارِ بِقُدْرَتِكَ. (المعجم الكبير ٨: ٢٦٤)

معاف کردے، اور تو مجھے اپنے اختیار سے جہنم سے محفوظ رکھے۔

(٨٥) اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوْذُبِكَ مِنَ الْهَمِّ وَالْحُزْنِ ،

اے اللہ! رنج وغم سے میں تیری حفاظت میں آتا ہوں، اور بے بسی اور

وَأَعُوْذُبِكَ مِنَ الْعَجْزِ وَالْكَسَلِ ، وَأَعُوْذُبِكَ

کاہلی سے تیری حفاظت میں آتا ہوں، اور بزدلی اور بخیلی سے تیری

مِنَ الْجُبْنِ وَالْبُخْلِ ، وَأَعُوْذُبِكَ مِنْ غَلَبَةِ

پناہ میں آتا ہوں، اور قرض کی زیرباری اور لوگوں کے دباؤ سے تیری

الدَّيْنِ وَقَهْرِ الرِّجَالِ. (أبوداود ١: ٢١٧)

پناہ میں آتا ہوں۔

(٨٦) لَبَّيْكَ اَللّٰهُمَّ لَبَّيْكَ ، (لَبَّيْكَ) وَسَعْدَيْكَ

میں تیری خدمت واطاعت میں ہمہ وقت حاضر ہوں، اے اللہ! میں تیری

وَالْخَيْرُ فِي يَدَيْكَ وَمِنْكَ وَإِلَيْكَ. اَللّٰهُمَّ مَا

اطاعت کے لیے حاضر باش ہوں، بار بار حاضر ہوں، اور میں تیری بار بار مساعدت

قُلْتُ مِنْ قَوْلٍ أَوْ حَلَفْتُ مِنْ حَلْفٍ أَوْ نَذَرْتُ

ومدد کرتا ہوں، اور ساری خیر تیرے قبضۂ قدرت میں ہے، اور تیری ہی طرف

مِنْ نَذْرٍ ، فَمَشِيْئَتُكَ بَيْنَ يَدَيْ ذٰلِكَ كُلِّهٖ ،

سے ہے اور تیری ہی جانب منسوب ہے ، اے اللہ جو کوئی بات میں نے کہی یا جو

مَا شِئْتَ كَانَ وَ مَا لَمْ تَشَأْ لَا يَكُوْنُ ، وَلَا حَوْلَ

کوئی قسم میں نے کھائی یا جو کوئی نذر میں نے مانی تو ان سب سے آگے آگے تیری

وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِكَ ، إِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ .

ہی مشیت تھی ، جو کچھ تو نے چاہا وہ ہوا ، اور جو نہ چاہا نہ ہوگا اور گناہوں سے بچنا اور

اَللّٰهُمَّ مَا صَلَّيْتُ مِنْ صَلٰوةٍ فَعَلٰى مَنْ صَلَّيْتَ ،

نیکیوں کی توفیق کا ملنا تیری ہی طرف سے ہے ، بلاشبہ تو ہر کام کرسکتا ہے ، اے اللہ

وَمَا لَعَنْتُ مِنْ لَعْنٍ فَعَلٰى مَنْ لَعَنْتَ ، أَنْتَ وَلِيِّيْ

! جو کچھ میں نے دعا کی تو وہ اسی کو پہنچے جس کو تو نے رحمت کا اہل بنایا ، اور جو کچھ میں

فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ ، تَوَفَّنِيْ مُسْلِمًا وَّأَلْحِقْنِيْ

نے لعنت بھیجی تو وہ اسی کو پہنچے جس کو تو نے ملعون گردانا ، تو ہی دنیا و آخرت میں میرا

بِالصَّالِحِيْنَ . اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْأَلُكَ الرِّضَاءَ بَعْدَ

کارساز ہے ، تو مجھے بحالت اسلام وفات دینا اور نیکوکاروں میں شامل فرمانا ، اے

الْقَضَاءِ، وَبَرْدَ الْعَيْشِ بَعْدَ الْمَوْتِ، وَلَذَّةَ النَّظَرِ

اللہ! تیرے فیصلے کے بعد رضا مندی اور موت کے بعد خوش عیشی اور تیرے روئے

إِلَى وَجْهِكَ، وَشَوْقاً إِلَى لِقَائِكَ فِي غَيْرِ

انور کی زیارت کی لذت اور تیری ملاقات کا اشتیاق بغیر کسی ضرر رساں مصیبت

ضَرَّاءَ مُضِرَّةٍ وَلَا فِتْنَةٍ مُضِلَّةٍ. وَأَعُوْذُ بِكَ أَنْ

کے اور بغیر کسی گمراہ کن فتنے کے چاہتا ہوں اور خود ظالم بننے سے اور مظلوم بننے

أَظْلِمَ أَوْ أُظْلَمَ، أَوْ أَعْتَدِيَ أَوْ يُعْتَدَى عَلَيَّ، أَوْ

سے اور کسی پر زیادتی کرنے سے اور زیادتی کا نشانہ بننے سے یا ایسے گناہ یا قصور

أَكْسِبَ خَطِيْئَةً أَوْ ذَنْباً لَا تَغْفِرُهُ. اَللّٰهُمَّ فَاطِرَ

کے ارتکاب سے تیری حفاظت و پناہ میں آتا ہوں جسے تو معاف نہ فرمائے۔ اے

السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضِ، عَالِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ،

اللہ آسمان و زمین کے ایجاد کرنے والے! مخفی اور ظاہری باتوں کے جاننے والے!

ذَا الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ، فَإِنِّيْ أَعْهَدُ إِلَيْكَ فِيْ

بزرگی اور عزت والے! سو میں اس دنیوی زندگی میں تجھے عہد و پیمان دے رہا

هٰذِهِ (الْحَيَاةِ) الدُّنْيَا وَأُشْهِدُكَ وَكَفٰى بِكَ

ہوں اور تجھے گواہ بنا رہا ہوں۔ اور بحیثیت گواہ کے تیری گواہی کافی ہے۔ اس بات

شَهِيْدًا، أَنِّيْ أَشْهَدُ أَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ وَحْدَكَ

پر کہ میں اقرار کرتا ہوں کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں دراں حالیکہ تو یکتا ہے تیرا کوئی

لَا شَرِيْكَ لَكَ، لَكَ الْمُلْكُ وَلَكَ الْحَمْدُ،

شریک نہیں، تو ہی ساری سلطنت کا مالک ہے اور تو ہی ساری تعریفوں کا مستحق ہے

وَأَنْتَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ؛ وَأَشْهَدُ أَنَّ

اور تجھے ہر چیز پر قدرت واختیار ہے، اور اس بات پر تجھے گواہ بنا رہا ہوں کہ میں

مُحَمَّدًا (ﷺ) عَبْدُكَ وَرَسُوْلُكَ؛ وَأَشْهَدُ أَنَّ

اقرار کرتا ہوں کہ محمد ﷺ تیرے بندے اور تیرے رسول ہیں اور اس بات پر بھی

وَعْدَكَ حَقٌّ، وَلِقَائَكَ حَقٌّ، وَالسَّاعَةَ آتِيَةٌ

کہ تیرا وعدہ سچا ہے اور تجھ سے ملنا یقینی ہے اور قیامت آنے والی ہے جس میں کوئی

لَّا رَيْبَ فِيْهَا، وَأَنَّكَ تَبْعَثُ مَنْ فِي الْقُبُوْرِ،

شک نہیں، اور اس بات پر بھی کہ تو قبر کے مردوں کو دوبارہ زندہ کرے گا، اور اس

وَأَنَّكَ إِنْ تَكِلْنِيْ إِلٰى نَفْسِيْ تَكِلْنِيْ إِلٰى ضَعْفٍ

بات پر بھی کہ اگر تو نے مجھے اپنے نفس کے حوالے کر دیا تو تو مجھے کمزوری، عیب اور

وَعَوْرَةٍ وَذَنْبٍ وَخَطِيْئَةٍ، وَأَنِّيْ لَا أَثِقُ

گناہ اور خطا کے حوالے کر دے گا، اور اس بات پر بھی کہ میں صرف تیری رحمت پر

إِلَّا بِرَحْمَتِكَ، فَاغْفِرْ لِيْ ذُنُوْبِيْ كُلَّهَا، إِنَّهُ

اعتماد کرتا ہوں، سو میرے سارے گناہوں کو معاف کر دے، کیوں کہ تیرے سوا

لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ إِلَّا أَنْتَ، وَتُبْ عَلَيَّ إِنَّكَ

کوئی گناہوں کو بخشتا نہیں اور تو میری توبہ قبول کر کیوں کہ تو ہی توبہ قبول کرنے والا

أَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ. (المستدرك: ١٩٤٧)

ہے، بڑا مہربان ہے۔

٨٢ اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْأَلُكَ صِحَّةً فِيْ إِيْمَانٍ،

اے اللہ میں تجھ سے صحت مند ایمان اور نیک اخلاق والا ایمان

وَإِيْمَانًا فِيْ حُسْنِ خُلُقٍ، وَنَجَاةً يَتْبَعُهَا

اور ایسی نجات جس کے پیچھے کامیابی آنے والی ہو اور تیری

فَلَاحٌ، وَرَحْمَةً مِّنْكَ وَعَافِيَةً، وَمَغْفِرَةً مِّنْكَ

طرف سے رحمت اور تندرستی اور تیری طرف سے مغفرت اور

وَرِضْوَانًا. (المعجم الأوسط ٦:٤٤٢)

رضا مندی چاہتا ہوں۔

٨٨ اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُ بِوَجْهِكَ الْكَرِيْمِ وَبِكَلِمَاتِكَ

اے اللہ! میں ہر اس چیز کے شر سے تیری معزز ذات اور تیرے کامل کلمات کی

التَّامَّةِ مِنْ شَرِّ مَا أَنْتَ آخِذٌ بِنَاصِيَتِهِ. اَللّٰهُمَّ

پناہ وحفاظت میں آتا ہوں، جس کی چوٹی تیرے قبضہ قدرت میں ہے۔ اے

أَنْتَ تَكْشِفُ الْمَغْرَمَ وَالْمَأْثَمَ. اَللّٰهُمَّ لَا يُهْزَمُ

اللہ! تو ہی گناہوں اور معصیتوں کو ہٹانے والا ہے۔ اے اللہ! تیرے لشکر کو ہرایا

جُنْدُكَ، وَلَا يُخْلَفُ وَعْدُكَ، وَلَا يَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ

نہیں جا سکتا، اور تیرا وعدہ ٹلایا نہیں جا سکتا، اور تیرے عذاب سے تونگر کو اس

مِنْكَ الْجَدُّ؛ سُبْحَانَكَ وَبِحَمْدِكَ. (أبوداود ٢:٦٨٨)

کی تونگری بچا نہیں سکتی، ہم تیری پاکیاں اور خوبیاں بیان کرتے ہیں۔

٨٩ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ (لَا شَرِيْكَ لَكَ) سُبْحَانَكَ.

تیرے سوا کوئی معبود نہیں تیرا کوئی شریک نہیں، تو بے عیب ہے۔ اے اللہ!

اَللّٰهُمَّ أَسْتَغْفِرُكَ لِذَنْبِيْ، وَأَسْأَلُكَ رَحْمَتَكَ،

میں تجھ سے اپنے گناہ کی معافی چاہتا ہوں اور تجھ سے تیری رحمت چاہتا ہوں۔

اَللّٰهُمَّ زِدْنِيْ عِلْماً، وَلَا تُزِغْ قَلْبِيْ بَعْدَ إِذْ

اے اللہ! میرے علم میں ترقی دے اور جب تو مجھے راہِ راست پر لا چکا تو

هَدَيْتَنِيْ، وَهَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً، إِنَّكَ

اب میرے دل کو بھٹکنے نہ دینا اور مجھے اپنی طرف سے خاص رحمت عطا فرما،

أَنْتَ الْوَهَّابُ. (أبو داود ٢: ٦٨٩)

بے شک تو ہی بڑا عطا کرنے والا ہے۔

٩٠ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ ذَنْبِيْ، وَوَسِّعْ لِيْ فِيْ دَارِيْ،

اے اللہ! میرا قصور معاف کر دے اور میرے لیے میرے گھر میں کشائش

وَبَارِكْ لِيْ فِيْ رِزْقِيْ. (عمل اليوم والليلة لابن السني ص ٣٥)

دیدے، اور میرے لیے اپنے رزق میں خیر کثیر مقدر فرما۔

۹۱ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ مِنَ التَّوَّابِيْنَ، وَاجْعَلْنِيْ

اے اللہ! مجھے بڑے تائبین میں شامل فرما اور مجھے بڑے پاک بازوں

مِنَ الْمُتَطَهِّرِيْنَ. (الترمذي ۱: ۱۸)

میں داخل فرما۔

۹۲ اَللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمٰوٰتِ وَرَبَّ الْأَرْضِ،

اے اللہ آسمانوں کے رب اور زمینوں کے رب! اور اے بزرگ عرش کے

وَرَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ، رَبَّنَا وَرَبَّ كُلِّ شَيْءٍ،

رب! ہمارے پروردگار اور ہر چیز کے پروردگار! دانے اور گٹھلی کو پھوڑ

فَالِقَ الْحَبِّ وَالنَّوٰى، وَمُنْزِلَ التَّوْرٰةِ وَالْإِنْجِيْلِ

نکالنے والے! اور توریت، انجیل اور قرآن کریم کے اتارنے والے! میں

وَالْفُرْقَانِ، أَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ كُلِّ شَيْءٍ أَنْتَ

ہر اس چیز کی برائی سے تیری پناہ و حفاظت میں آتا ہوں جس کی چوٹی تو

آخِذٌ بِنَاصِيَتِهٖ. اَللّٰهُمَّ أَنْتَ الْأَوَّلُ فَلَيْسَ قَبْلَكَ

تھامے ہوئے ہے۔ اے اللہ! تو ہی اول ہے کہ تجھ سے پہلے کوئی چیز نہیں،

شَيْءٌ، وَأَنْتَ الآخِرُ فَلَيْسَ بَعْدَكَ شَيْءٌ، وَأَنْتَ

اور تو ہی آخر ہے کہ تیرے بعد کوئی چیز نہیں، اور تو ہی سب سے نمایاں ہے

الظَّاهِرُ فَلَيْسَ فَوْقَكَ شَيْءٌ، وَأَنْتَ الْبَاطِنُ

کہ تجھ سے زیادہ نمایاں کوئی چیز نہیں اور تو ہی سب سے زیادہ مخفی ہے تجھ

فَلَيْسَ دُوْنَكَ شَيْءٌ، اِقْضِ عَنَّا الدَّيْنَ وَأَغْنِنَا

سے زیادہ مخفی کوئی شے نہیں تو ہمارے قرضوں کو ادا کردے اور ہم سے فقر

مِنَ الْفَقْرِ. (مسلم ۲: ۳۴۸)

واحتیاج کو دور فرما۔

۹۳ اَللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمٰوَاتِ السَّبْعِ وَمَا أَظَلَّتْ،

اے اللہ اے ساتوں آسمان اور ہر اس چیز کے رب جس پر آسمان سایہ فگن ہیں اور

وَرَبَّ الْأَرَضِيْنَ وَمَا أَقَلَّتْ، وَرَبَّ الشَّيَاطِيْنِ

اے زمینوں کے اور ہر اس چیز کے رب جس کو زمینوں نے اپنے اوپر اٹھا رکھا ہے اور

وَمَا أَضَلَّتْ؛ كُنْ لِيْ جَارًا مِّنْ شَرِّ خَلْقِكَ

اے شیاطین اور اس مخلوق کے رب جس کو شیاطین نے گمراہ کر رکھا ہے تو اپنی تمام

أَجْمَعِيْنَ، أَنْ يَفْرُطَ عَلَيَّ أَحَدٌ مِّنْهُمْ أَوْ أَنْ يَطْغٰى؛

مخلوق کے شر سے میرا محافظ بن جاتا کہ ان میں کا کوئی مجھ پر ظلم وزیادتی نہ کرسکے،

عَزَّ جَارُكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ. (الترغیب والترھیب ۲: ۴۵۷)

تیری پناہ میں آنے والا باعزت ہوجاتا ہے اور تیرا نام بڑی بھلائیوں والا ہے۔

۹۲ اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ، أَنْتَ قَيِّمُ السَّمٰوَاتِ

اے اللہ! تو ہی ساری تعریفوں کا مستحق ہے، تو ہی آسمانوں اور زمینوں اور

وَالْأَرْضِ وَمَنْ فِيْهِنَّ، وَلَكَ الْحَمْدُ، أَنْتَ

ان کے اندر موجود مخلوقات کا سنبھالنے والا ہے، اور تو ہی ساری تعریفوں کا

مَلِكُ السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَنْ فِيْهِنَّ، وَلَكَ

مستحق ہے، تو آسمان اور زمین اور ان کے اندر کی مخلوقات کا حاکم ہے، اور تو

الْحَمْدُ أَنْتَ نُوْرُ السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَنْ

ہی ساری تعریفوں کا مستحق ہے تو آسمان وزمین اور ان میں موجود مخلوقات کا

فِيْهِنَّ، وَلَكَ الْحَمْدُ أَنْتَ الْحَقُّ، وَوَعْدُكَ

نور ہے، اور تو ہی ساری تعریفوں کا مستحق ہے، تو ہی سچا ہے اور تیرا وعدہ سچا

الْحَقُّ، وَلِقَاؤُكَ حَقٌّ، وَقَوْلُكَ حَقٌّ، وَالْجَنَّةُ

ہی ہے اور تجھ سے ملنا یقینی ہے اور تیری باتیں سچی ہیں اور جنت یقینی ہے اور

حَقٌّ، وَالنَّارُ حَقٌّ، وَ النَّبِيُّوْنَ حَقٌّ، وَ مُحَمَّدٌ

جہنم یقینی ہے اور انبیا برحق ہیں اور محمد رسول اللہ ﷺ برحق ہیں اور قیامت

رَسُوْلُ اللّٰهِ (ﷺ) حَقٌّ، وَالسَّاعَةُ حَقٌّ. اَللّٰهُمَّ

برحق ہے۔ اے اللہ! میں تیرا ہی فرماں بردار ہوا، اور تجھ ہی پر ایمان لایا،

لَكَ أَسْلَمْتُ، وَبِكَ اٰمَنْتُ، وَعَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ،

اور تجھ پر ہی بھروسہ کیا، اور تیری ہی طرف انابت کی، (اور اہل باطل سے)

وَإِلَيْكَ أَنَبْتُ، وَبِكَ خَاصَمْتُ، وَإِلَيْكَ

تیری ہی مدد سے میں نے جھگڑا کیا، اور اپنا فیصلہ تیری ہی عدالت میں لایا،

حَاكَمْتُ، وَأَنْتَ رَبُّنَا وَإِلَيْكَ الْمَصِيْرُ،

اور تو ہمارا رب ہے، اور تیری ہی طرف سب کو لوٹ کر آنا ہے، سو تو میرے

فَاغْفِرْلِيْ مَاقَدَّمْتُ وَمَاأَخَّرْتُ، وَمَا أَسْرَرْتُ

اگلے پچھلے اور مخفی اور ظاہری گناہوں کو اور زیادتیوں کو۔ جن کو تو مجھ سے

وَمَا أَعْلَنْتُ، وَمَا أَسْرَفْتُ، وَمَا أَنْتَ أَعْلَمُ بِهِ

زیادہ جاننے والا ہے۔ معاف فرما، تو ہی آگے بڑھانے والا ہے اور تو ہی

مِنِّي؛ أَنْتَ الْمُقَدِّمُ وَأَنْتَ الْمُؤَخِّرُ، لَا إِلٰهَ إِلَّا

پیچھے ہٹانے والا ہے اور تیرے سوا کوئی معبود نہیں اور اللہ کے سوا نہ تو کوئی

أَنْتَ، وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ. (البخاري ۱۵۱:۱)

گناہوں سے بچانے والا ہے اور نہ نیکیوں کی توفیق دینے والا ہے۔

۹۵ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ، وَارْحَمْنِيْ، وَعَافِنِيْ،

اے اللہ! مجھے معاف فرما، اور مجھ پر مہربانی کر، اور مجھے تندرستی دے، اور

وَاهْدِنِيْ، وَارْزُقْنِيْ، وَاجْبُرْنِيْ، وَارْفَعْنِيْ.

مجھے ہدایت دے، اور مجھے روزی دے، اور میرا حال درست فرما، اور مجھے

(أبو داود ۱۲۳:۱، الترمذي ۶۳:۱، ابن ماجه ۶۴)

سربلندی عطا کر۔

۹۶ رَبِّ إِنِّي لِمَا أَنْزَلْتَ إِلَيَّ مِنْ خَيْرٍ فَقِيْرٌ. (القصص ۲۴)

میرے رب! میں اس خیر کا محتاج ہوں جو تو مجھ پر اتارے۔

۹۷ اَللّٰهُمَّ رَبَّ جِبْرَئِيْلَ وَمِيْكَائِيْلَ وَإِسْرَافِيْلَ ،

اے اللہ، اے جبرئیل اور میکائیل اور اسرافیل کے رب، اے آسمان

فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ ، عَالِمَ الْغَيْبِ

وزمین کے موجد، اے چھپی ہوئی اور کھلی ہوئی باتوں کے جاننے

وَالشَّهَادَةِ ، أَنْتَ تَحْكُمُ بَيْنَ عِبَادِكَ فِيْمَا كَانُوْا

والے تو اپنے بندوں کے ان مسائل کے فیصلے کرے گا جن میں وہ

فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ، اِهْدِنِيْ لِمَا اخْتُلِفَ فِيْهِ مِنَ

باہم جھگڑتے ہیں، تو اپنے حکم سے اس حق کی طرف میری رہبری فرما

الْحَقِّ بِإِذْنِكَ ، إِنَّكَ تَهْدِيْ مَنْ تَشَاءُ إِلٰى

جس میں اختلاف کیا جاتا ہے، تو ہی جسے چاہتا ہے صراط مستقیم کی

صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۔ (مسلم ۱: ۲۶۳)

رہبری فرماتا ہے۔

منزل الأحد

دوسری منزل

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سب پر مہربان، نہایت رحم والے اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں۔

(۱) اَللّٰهُمَّ اهْدِنِيْ فِيْمَنْ هَدَيْتَ، وَعَافِنِيْ فِيْمَنْ

یا اللہ! جنہیں تو راہِ راست پر لایا ان کے ساتھ مجھے بھی راہِ راست پر لے آ، اور جنہیں تو نے تندرستی

عَافَيْتَ، وَتَوَلَّنِيْ فِيْمَنْ تَوَلَّيْتَ، وَبَارِكْ لِيْ

دی ان کے ساتھ مجھے بھی تندرستی دیدے، اور جن کا تو کارساز بنا ہوا ہے ان کے ساتھ میرا بھی کار

فِيْمَا أَعْطَيْتَ، وَقِنِيْ شَرَّ مَا قَضَيْتَ، فَإِنَّكَ

ساز بن جا، اور تیری دی ہوئی نعمتوں میں برکت دے، اور تیری قضا وقدر کے شر سے بچا، کیوں کہ

تَقْضِيْ وَلَا يُقْضٰى عَلَيْكَ، إِنَّهُ لَا يَذِلُّ مَنْ

فیصلہ تو ہی کرتا ہے اور تیرے خلاف فیصلہ نہیں کیا جا سکتا، بات یہ ہے کہ جس کا تو کارساز بن گیا وہ

وَّالَيْتَ، وَلَا يَعِزُّ مَنْ عَادَيْتَ، تَبَارَكْتَ رَبَّنَا

ذلیل نہیں ہو سکتا، اور جس کا تو دشمن ہو گیا اس کو عزت نہیں مل سکتی۔ اے ہمارے پروردگار! تیری

وَتَعَالَيْتَ (نَسْتَغْفِرُكَ وَنَتُوْبُ إِلَيْكَ) وَصَلَّى

ذات میں بڑی بھلائیاں ہیں اور تو بلند و بالا ہے، ہم تجھ سے معافی چاہتے ہیں، اور اپنے گناہوں

اللّٰهُ عَلَى النَّبِيِّ ۔ (أبوداود، ١:١٠٢٠. النسائي، ر:١٧٤٧، ١:١٩٥)

پر پشیمان ہو کر تیری طرف رجوع کرتے ہیں، اور اللہ اپنے پیغمبر کو اپنی رحمتوں سے ڈھانپ لے۔

❸ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ

اے اللہ! میری اور تمام ایمان والے مردوں اور عورتوں اور حکم بردار مردوں

وَالْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ، وَأَلِّفْ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ،

اور عورتوں کی بخشش فرما، اور ان کے دلوں کو جوڑ دے، اور ان کے باہمی

وَأَصْلِحْ ذَاتَ بَيْنِهِمْ، وَانْصُرْهُمْ عَلٰى عَدُوِّكَ

معاملات درست فرما۔ اور تیرے اور ان کے دشمنوں کے مقابلہ میں ان کی

وَعَدُوِّهِمْ؛ اَللّٰهُمَّ الْعَنِ الْكَفَرَةَ الَّذِيْنَ يَصُدُّوْنَ

نصرت و یاوری فرما۔ یا اللہ ان کافروں کو تیری رحمت سے دور فرما جو تیرے

عَنْ سَبِيْلِكَ، وَيُكَذِّبُوْنَ رُسُلَكَ، وَيُقَاتِلُوْنَ

دین پر چلنے سے لوگوں کو روکتے ہیں، اور تیرے پیغمبروں کو جھٹلاتے ہیں اور

أَوْلِيَائِكَ؛ اَللّٰهُمَّ خَالِفْ بَيْنَ كَلِمَتِهِمْ، وَزَلْزِلْ

تیرے دوستوں سے جنگ کرتے ہیں۔ اے اللہ! ان کی باتوں میں اختلاف

أَقْدَامَهُمْ، وَأَنْزِلْ بِهِمْ بَأْسَكَ الَّذِي لَا تَرُدُّهُ

ڈالدے اور ان کے قدم ڈگمگادے اور ان پر تو اپنا ایسا عذاب لے آ جس کو تو

عَنِ الْقَوْمِ الْمُجْرِمِينَ. (السنن الکبری للبیہقی، ۲: ۲۹۸)

گنہگار لوگوں سے ٹالا نہیں کرتا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

سب پر مہربان، نہایت رحم والے اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں۔

۳ اَللّٰهُمَّ إِنَّا نَسْتَعِيْنُكَ، وَنَسْتَغْفِرُكَ،

اے اللہ! ہم تجھ سے مدد چاہتے ہیں اور تجھ سے معافی مانگتے ہیں اور تجھ سے

وَنَسْتَهْدِيْكَ، وَنُؤْمِنُ بِكَ، وَنَتُوْبُ إِلَيْكَ،

ہدایت طلب کرتے ہیں اور تجھ پر ایمان لاتے ہیں اور گناہوں پر نادم ہو کر تیری

وَنَتَوَكَّلُ عَلَيْكَ، وَنُثْنِي عَلَيْكَ الْخَيْرَ كُلَّهُ،

طرف رجوع کرتے ہیں، اور تجھ پر بھروسہ کرتے ہیں، اور ساری نعمتوں پر تیری

وَنَشْكُرُكَ وَلَا نَكْفُرُكَ، وَنَخْلَعُ وَنَتْرُكُ مَنْ

تعریف کرتے ہیں، اور تیرا شکرادا کرتے ہیں اور ناشکری نہیں کرتے، اور تیرے

يَّفْجُرُكَ؛ اَللّٰهُمَّ إِيَّاكَ نَعْبُدُ، وَلَكَ نُصَلِّيْ

نافرمانوں کو چھوڑتے ہیں، اور ان سے قطع تعلق کرتے ہیں۔ اے اللہ ہم تیری ہی

وَنَسْجُدُ، وَإِلَيْكَ نَسْعٰى وَنَحْفِدُ، وَنَرْجُوْ

عبادت کرتے ہیں، اور تیرے لیے ہی نماز پڑھتے اور سجدہ کرتے ہیں، اور ہم تیری

رَحْمَتَكَ، وَنَخْشٰى عَذَابَكَ الْجِدَّ، إِنَّ عَذَابَكَ

جانب ہی دوڑتے اور لپکتے ہیں، اور تیری رحمت کے امیدوار ہیں، اور تیرے سچے

الْجِدَّ بِالْكُفَّارِ مُلْحِقٌ. (الدر المنثور في التفسير بالمأثور)

عذاب سے ڈرتے ہیں، بے شک تیرا واقعی عذاب تو کافروں کو پہنچنے ہی والا ہے۔

۴ اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُ بِرِضَاكَ مِنْ سَخَطِكَ،

اے اللہ! میں تیری ناراضگی سے تیری رضامندی کی اور تیری سزا سے تیری

وَبِمُعَافَاتِكَ مِنْ عُقُوْبَتِكَ، وَأَعُوْذُ بِكَ مِنْكَ؛

معافی کی حفاظت میں آتا ہوں اور تیرے عذاب سے تیری پناہ وحفاظت

لَا أُحْصِيْ ثَنَاءً عَلَيْكَ أَنْتَ كَمَا أَثْنَيْتَ عَلٰى

میں آتا ہوں، میں تیری پوری تعریف نہیں کرسکتا تو ایسا ہی ہے جیسا تو

نَفْسِكَ. (مسلم، ۱: ۱۹۲)

نے خود اپنی تعریف فرمائی ہے۔

❺ اَللّٰهُمَّ رَبَّ جِبْرِيلَ وَمِيكَائِيلَ وَإِسْرَافِيلَ

اے اللہ! اے جبرئیل، میکائیل اور اسرافیل اور محمد رسول

وَ(سَيِّدِنَا) مُحَمَّدٍ ﷺ أَعُوذُ بِكَ مِنَ النَّارِ.

اللہ کے رب! میں جہنم کے عذاب سے تیری پناہ و حفاظت

(المستدرک، ۳: ۷۲۱)

میں آتا ہوں۔

❻ اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ أَنْ أَضِلَّ أَوْ أُضَلَّ، أَوْ

اے اللہ! میں گمراہ ہونے یا گمراہ کیے جانے یا بھٹکنے یا بہکائے جانے یا ظلم

أَزِلَّ أَوْ أُزَلَّ، أَوْ أَظْلِمَ أَوْ أُظْلَمَ، أَوْ أَجْهَلَ أَوْ

کرنے یا ظلم کا نشانہ بننے یا جہالت کرنے یا میرے ساتھ جہالت کیے

يُجْهَلَ عَلَيَّ. (أبو داود، ۲: ۶۹۵)

جانے سے تیری پناہ میں آتا ہوں۔

۷ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ فِيْ قَلْبِيْ نُوْرًا، وَفِيْ بَصَرِيْ

اے اللہ! میرے دل میں نور بھر دے، اور میری آنکھوں میں نور بھر دے،

نُوْرًا، وَفِيْ سَمْعِيْ نُوْرًا، وَعَنْ يَّمِيْنِيْ نُوْرًا،

اور کانوں میں نور بھر دے، اور میری دائیں جانب نور دیدے، اور میری

وَعَنْ شِمَالِيْ نُوْرًا، وَمِنْ خَلْفِيْ نُوْرًا، وَمِنْ

بائیں جانب نور دیدے، اور میرے پیچھے نور دیدے، اور میرے آگے نور

اَمَامِيْ نُوْرًا، وَاجْعَلْ مِنْ فَوْقِيْ نُوْرًا، وَمِنْ تَحْتِيْ

دیدے، اور میرے اوپر نور دیدے، اور میرے نیچے نور دیدے، اے اللہ

نُوْرًا، اَللّٰهُمَّ أَعْطِنِيْ نُوْرًا، وَاجْعَلْ لِّيْ نُوْرًا،

مجھے نور دیدے، اور میرے لیے نور دیدے اور میرے پٹھوں میں نور

وَفِيْ عَصَبِيْ نُوْرًا، وَفِيْ لَحْمِيْ نُوْرًا، وَفِيْ دَمِيْ

دیدے، اور میرے گوشت میں نور بھر دے، اور میرے خون میں نور

نُوْرًا، وَفِيْ شَعْرِيْ نُوْرًا، وَفِيْ بَشَرِيْ نُوْرًا،

بھر دے، اور میرے بالوں میں نور بھر دے، اور میری کھال میں نور

وَفِي لِسَانِي نُوْرًا، وَاجْعَلْ فِي نَفْسِي نُوْرًا،

بھر دے، اور میری زبان میں نور بھر دے، اور میری جان میں نور بھر دے،

وَأَعْظِمْ لِي نُوْرًا، وَاجْعَلْنِي نُوْرًا. (مسلم، ۱: ۲۶۱)

اور میرے لیے نور بڑھا، اور مجھ کو نور بنا دے۔

۸ اَللّٰهُمَّ افْتَحْ لَنَا أَبْوَابَ رَحْمَتِكَ وَسَهِّلْ

اے اللہ! ہمارے لیے اپنی رحمتوں کے دروازے کھول دے، اور ہمارے

لَنَا أَبْوَابَ رِزْقِكَ. (ابن ماجة، ص ۴۶)

لیے اپنی روزی کے اسباب آسان فرما دے۔

۹ اَللّٰهُمَّ اعْصِمْنِي مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ. (ابن ماجة، ص ۵۶)

یا اللہ! مردود شیطان سے میری حفاظت فرما۔

۱۰ اَللّٰهُمَّ اهْدِنِي لِأَحْسَنِ الْأَخْلَاقِ، لَا يَهْدِي

اے اللہ! مجھے نیک اخلاق تک رسائی دے (کیوں کہ) نیک اخلاق تک

لِأَحْسَنِهَا إِلَّا أَنْتَ، وَاصْرِفْ عَنِّي سَيِّئَهَا،

تیرے سوا کوئی رسائی دینے والا نہیں، اور بد خلقیوں کو مجھ سے دور فرما (کیوں کہ)

لَا يَصْرِفُ عَنِّيْ سَيِّئَهَا إِلَّا أَنْتَ. (مسلم، ١: ٢٦٣)

مجھ سے بدخلقیوں کو تیرے سوا کوئی ہٹانے والا نہیں۔

١١ اَللّٰهُمَّ بَاعِدْ بَيْنِيْ وَبَيْنَ خَطَايَايَ كَمَا بَاعَدْتَّ بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ، اَللّٰهُمَّ اغْسِلْ خَطَايَايَ بِالْمَاءِ وَالثَّلْجِ وَالْبَرَدِ، وَنَقِّنِيْ مِنَ الْخَطَايَا كَمَا نَقَّيْتَ الثَّوْبَ الْأَبْيَضَ مِنَ الدَّنَسِ. (البخاري، ١: ١٠٣، المعجم الأوسط، ٥: ٥٠)

اے اللہ! میرے اور میرے گناہوں کے درمیان اس طرح دوری فرما دے جس طرح تو نے مشرق اور مغرب کے درمیان میں دوری کر رکھی ہے۔ اے اللہ! میرے گناہوں کو پانی اور برف اور اولے سے دھو دے اور مجھے گناہوں سے اس طرح صاف کر دے جس طرح تو نے سفید کپڑے کو میل کچیل سے صاف کر رکھا ہے۔

١٢ اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ مِلْءَ السَّمٰوَاتِ وَمِلْءَ

اے اللہ! آسمان بھر کر اور زمین بھر کر اور ان دونوں کے درمیان کی مسافت بھر

الْأَرْضِ، وَمِلْءَ مَا بَيْنَهُمَا وَمِلْءَ مَا شِئْتَ مِنْ

کر اور اس کے بعد جو چیز تو چاہے اس کی مقدار بھر کر تعریفیں تیرے لیے ہی

شَيْءٍ بَعْدُ، أَهْلَ الثَّنَاءِ وَالْمَجْدِ أَحَقُّ مَا قَالَ

خاص ہیں۔ اے تعریف اور بزرگی والے تو ان سب تعریفوں کا مستحق ہے جو کہ

الْعَبْدُ، وَكُلُّنَا لَكَ عَبْدٌ، لَا مَانِعَ لِمَا أَعْطَيْتَ،

بندے کرتے ہیں اور ہم سب تیرے غلام ہیں، جو نعمت تو دیدے اس کو کوئی

وَلَا مُعْطِيَ لِمَا مَنَعْتَ، وَلَا رَادَّ لِمَا قَضَيْتَ،

روکنے والا نہیں اور جو تو روک لے اسے کوئی دینے والا نہیں اور تیری قضا و قدر کو

وَلَا يَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ. (مسلم، ۱:۱۹۰)

کوئی ٹالنے والا نہیں اور تو نگر کو اس کی تو نگری تیرے عذاب سے بچا نہیں سکتی۔

۱۳ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِي ذَنْبِي كُلَّهُ: دِقَّهُ وَجِلَّهُ،

اے اللہ! میرے سارے گناہوں کو بخش دے خواہ وہ چھوٹے ہوں یا بڑے

وَأَوَّلَهُ وَاٰخِرَهُ، وَعَلَانِيَتَهُ وَسِرَّهُ. (مسلم، ۱:۱۹۱)

اور اگلے ہوں یا پچھلے اور ظاہری ہوں یا مخفی۔

١٤ رَبِّ أَعْطِ نَفْسِي تَقْوٰهَا ، وَزَكِّهَا أَنْتَ خَيْرُ مَنْ زَكّٰهَا ، أَنْتَ وَلِيُّهَا وَمَوْلٰهَا . (مسند أحمد ٧: ٣٠٠)

اے میرے پروردگار! میرے نفس کو اس کی پرہیزگاری دیدے، اور اس کو پاک صاف کردے تو ہی وہ بہتر ذات ہے جو اسے پاک صاف کرسکتی ہے، تو اس کا کارساز اور آقا ہے۔

١٥ اَللّٰهُمَّ إِنِّي ظَلَمْتُ نَفْسِي ظُلْماً كَثِيْراً ، وَلَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ إِلَّا أَنْتَ ، فَاغْفِرْ لِي مَغْفِرَةً مِّنْ عِنْدِكَ وَارْحَمْنِي ، إِنَّكَ أَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ . (البخاري، ١: ١١٥)

اے اللہ! میں نے اپنی جان پر بہت ستم ڈھایا ہے، اور سوائے تیرے کوئی گناہ کو بخشنے والا نہیں، سو تو اپنی طرف سے میری بھرپور مغفرت فرما، اور مجھ پر مہربانی کر، تو ہی بڑا بخشنے والا بے نہایت رحم والا ہے۔

١٦ اَللّٰهُمَّ حَاسِبْنِي حِسَاباً يَّسِيْراً . (المستدرك، ١: ١٢٥)

اے اللہ! مجھ سے آسان حساب لینا۔

١٧ اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ مِنَ الْخَيْرِ كُلِّهِ : مَا عَلِمْتُ

اے اللہ! میں تجھ سے ساری بھلائیاں مانگتا ہوں: وہ بھی جن کو میں جانتا ہوں اور

مِنْهُ وَمَالَمْ أَعْلَمْ، وَأَعُوْذُبِكَ مِنَ الشَّرِّ كُلِّهٖ:

وہ بھی جن کو میں نہیں جانتا، اور تمام برائیوں سے میں تیری پناہ میں آتا ہوں: ان

مَاعَلِمْتُ مِنْهُ وَمَالَمْ أَعْلَمْ. اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْأَلُكَ

سے بھی جو مجھے معلوم ہیں اور ان سے بھی جو مجھے معلوم نہیں۔ اے اللہ! میں تجھ

مِنْ خَيْرِ مَاسَأَلَكَ مِنْهُ عِبَادُكَ الصَّالِحُوْنَ،

سے وہ ساری بھلائیاں چاہتا ہوں جو تجھ سے تیرے نیک بندوں نے مانگی اور ان

وَأَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَااسْتَعَاذَكَ مِنْهُ عِبَادُكَ

تمام برائیوں سے میں تیری پناہ وحفاظت میں آتا ہوں جن سے تیرے نیک

الصَّالِحُوْنَ، رَبَّنَآاٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي

بندوں نے تیری پناہ چاہی۔ اے ہمارے پروردگار ہمیں دنیا میں بھی خوبی (یعنی

الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ o رَبَّنَا إِنَّنَآ

توفیق عبادت) اور آخرت میں بھی خوبی (یعنی اجر وثواب) عطا فرما، اور عذاب

اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَاذُنُوْبَنَا وَكَفِّرْ عَنَّا سَيِّاٰتِنَا وَتَوَفَّنَا

نار سے بچا۔ اے ہمارے پروردگار ہم تم پر ایمان لاچکے سو ہمارے گناہوں کو

مَعَ الْأَبْرَارِ ۝ رَبَّنَا وَاٰتِنَا مَا وَعَدْتَّنَا عَلٰی

معاف فرما، اور ہماری خطاؤں سے درگزر فرما، اور نیکوکاروں کے ساتھ اٹھانا۔

رُسُلِكَ وَلَا تُخْزِنَا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ إِنَّكَ لَا تُخْلِفُ

اے ہمارے پروردگار! اور وہ وعدے پورے فرما جو تو نے انبیا کی زبانی ہم سے

الْمِيْعَادَ ۝ (مصنف ابن أبي شيبة، ٦: ٣٣٠)

کیے تھے اور روزِ قیامت میں ہمیں رسوا نہ کرنا، بے شک تو وعدہ خلافی نہیں کرتا۔

۱۸ اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُبِكَ مِنْ عَذَابِ جَهَنَّمَ،

اے اللہ! میں عذاب جہنم سے تیری پناہ وحفاظت میں آتا ہوں، اور

وَأَعُوْذُبِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ، وَأَعُوْذُبِكَ مِنْ

عذاب قبر سے تیری حفاظت میں آتا ہوں، اور مسیح دجال کے فتنے

فِتْنَةِ الْمَسِيْحِ الدَّجَّالِ، وَأَعُوْذُبِكَ مِنْ فِتْنَةِ

وآزمائش سے تیری حفاظت میں آتا ہوں، اور زندگی اور موت کی

الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ، وَأَعُوْذُبِكَ مِنَ الْمَأْثَمِ

آزمائشوں سے تیری پناہ میں آتا ہوں اور گناہوں اور معصیتوں سے تیری

وَالْمَغْرَمِ. (مسلم، ۱: ۲۱۸. البخاري، ۱: ۳۲۲)

پناہ وحفاظت میں آتا ہوں۔

۱۹ اَللّٰهُمَّ أَعِنِّي عَلٰى ذِكْرِكَ وَشُكْرِكَ

اے اللہ! مجھے تیری یاد اور تیری احسان شناسی اور تیری بہتر عبادت

وَحُسْنِ عِبَادَتِكَ. (أبوداود، ۱: ۲۱۳)

کی توفیق عطا فرما۔

۲۰ اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا وَرَبَّ كُلِّ شَيْءٍ! أَنَا شَهِيْدٌ أَنَّكَ

اے اللہ، اے ہمارے رب اور اے ہر چیز کے رب! میں اس بات کی

أَنْتَ الرَّبُّ وَحْدَكَ لَاشَرِيْكَ لَكَ، اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا

گواہی دیتا ہوں کہ تو ہی تنہا بلا شرکتِ غیرے ہمارا معبود ہے۔ اے اللہ

وَرَبَّ كُلِّ شَيْءٍ! أَنَا شَهِيْدٌ أَنَّ (سَيِّدَنَا) مُحَمَّدًا

اے ہمارے رب، اے ہر چیز کے رب! میں اس بات کا گواہ ہوں کہ محمد

(ﷺ) عَبْدُكَ وَرَسُوْلُكَ، اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا وَرَبَّ

تیرے بندے اور پیغمبر ہیں۔ اے اللہ اے ہمارے رب، اے ہر چیز کے

كُلِّ شَيْءٍ! أَنَا شَهِيْدٌ أَنَّ الْعِبَادَ كُلَّهُمْ إِخْوَةٌ،

رب! میں اس بات کا گواہ ہوں کہ سارے بندے بھائی بھائی ہیں۔ اے

اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا وَرَبَّ كُلِّ شَيْءٍ! اِجْعَلْنِي مُخْلِصاً

اللہ، اے ہمارے رب، اے ہر چیز کے رب! مجھے اور میرے گھر والوں کو

لَّكَ وَأَهْلِي فِي كُلِّ سَاعَةٍ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ،

دنیا اور آخرت میں ہر لمحہ ساری عبادتوں کو تیرے لیے ہی مخصوص کرنے والا

يَاذَا الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ اِسْمَعْ وَاسْتَجِبْ،

بنا۔ اے بزرگی اور عزت والے سن لے اور قبول فرمالے۔ اللہ سب سے

اَللّٰهُ أَكْبَرُ الْأَكْبَرُ، اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ،

بڑا ہے، سب سے بڑا ہے ہی۔ اللہ آسمان اور زمین کا نور ہے۔ اللہ سب

اَللّٰهُ أَكْبَرُ الْأَكْبَرُ، حَسْبِيَ اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ،

سے بڑا ہے، سب سے بڑا ہے ہی۔ اللہ میرے لیے کافی ہے، اور بہترین

اَللّٰهُ أَكْبَرُ الْأَكْبَرُ. (ابوداود، ۱: ۲۱۱)

کارساز ہے۔ اللہ سب سے بڑا ہے، سب سے بڑا ہے ہی۔

(۲۱) اَللّٰهُمَّ أَصْلِحْ لِيْ دِيْنِيَ الَّذِيْ هُوَ عِصْمَةُ أَمْرِيْ، وَأَصْلِحْ لِيْ دُنْيَايَ الَّتِيْ فِيْهَا مَعَاشِيْ، وَأَصْلِحْ لِيْ آخِرَتِيَ الَّتِيْ فِيْهَا مَعَادِيْ، وَأَحْيِنِيْ مَاكَانَتِ الْحَيٰوةُ خَيْراً لِّيْ، وَتَوَفَّنِيْ إِذَا كَانَتِ الْوَفَاةُ خَيْراً لِّيْ. وَاجْعَلِ الْحَيَاةَ زِيَادَةً لِّيْ فِيْ كُلِّ خَيْرٍ، وَاجْعَلِ الْمَوْتَ رَاحَةً لِّيْ مِنْ كُلِّ شَرٍّ.

(مسلم ، ۲:۳۴۹، البخاري ، ۲:۸۴۷)

اے اللہ! میرے لیے میرے دین کو سنوار دے جو میرے ہر کام کا محافظ ہے، اور میرے لیے میری دنیا کو بھی سنوار دے جس میں میرا گزران ہے، اور میرے لیے میری آخرت کو درست فرما جہاں مجھے لوٹ کر جانا ہے، اور جب تک کہ میری زندگی میں بھلائی ہو مجھے زندہ رکھ، اور جب میری وفات میں بھلائی ہو تو مجھے اٹھالینا، اور میری زندگی کو میرے لیے ہر خیر میں زیادتی کا باعث بنا، اور میری موت کو میرے لیے ہر شر سے راحت وآرام کا باعث بنا۔

۲۲ اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ رِزْقًا طَيِّبًا، وَعِلْمًا

اے اللہ! مجھے پاکیزہ رِزق اور مفید علم اور مقبول

نَافِعًا، وَعَمَلًا مُّتَقَبَّلًا. (المعجم الصغير، ص ١٥٢)

عمل عطا فرما۔

۲۳ اَللّٰهُمَّ أَشْبَعْتَ وَأَرْوَيْتَ فَهَنِّئْنَا، وَرَزَقْتَنَا

اے اللہ! تو نے مجھے شکم سیر بھی کیا اور سیراب بھی کیا سو اس (آب ودانہ) کو ہمارے لیے باعث

فَأَكْثَرْتَ وَأَطَبْتَ فَزِدْنَا. (مصنف ابن أبي شيبة، ٥:٥٦٥)

خوش گواری بنا اور تو نے ہمیں روزی دی اور زیادہ دی اور پاکیزہ دی، سو اس میں اور زیادتی عطا فرما۔

۲۴ اَللّٰهُمَّ قَنِّعْنِي بِمَا رَزَقْتَنِي، وَبَارِكْ لِي فِيْهِ،

اے اللہ! تیری دی ہوئی روزی پر مجھے قناعت نصیب فرما اور اس میں برکت

وَاخْلُفْ عَلٰى كُلِّ غَائِبَةٍ لِّي بِخَيْرٍ. (المستدرك، ١:٦٩٠)

و بھلائی دے، اور میری ہر فوت شدہ وخرچ کردہ شے کا بہتر بدلہ عطا فرما۔

۲۵ رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ، إِنَّكَ أَنْتَ الْأَعَزُّ

اے میرے رب! تو معاف کر، مہربانی فرما، بے شک تو ہی معزز

الأَكْرَمُ. (مصنف ابن أبي شيبة، ٤: ٥٢١)

ومکرم ذات ہے۔

۲۶ اَللّٰهُمَّ اشْرَحْ لِيْ صَدْرِيْ، وَيَسِّرْ لِيْ

یا اللہ! میرے لیے میرا سینہ کشادہ کر دے (یعنی حلیم و حوصلہ مند بنا دے)

أَمْرِيْ، وَأَعُوْذُبِكَ مِنْ وَّسَاوِسِ الصَّدْرِ،

اور میرے لیے میرا کام آسان کر دے، اور دل کے برے خیالات اور

وَشَتَاتِ الأَمْرِ، وَفِتْنَةِ الْقَبْرِ. اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُ

کاموں کی پراگندگی اور قبر کے عذاب سے میں تیری پناہ و حفاظت میں آتا

بِكَ مِنْ شَرِّ مَايَلِجُ فِيْ اللَّيْلِ، وَمِنْ شَرِّ

ہوں۔ یا اللہ! میں رات میں داخل ہونے والی چیزوں کے شر سے اور دن

مَايَلِجُ فِيْ النَّهَارِ، وَمِنْ شَرِّ مَا تَهُبُّ بِهِ

میں داخل ہونے والی چیزوں کے شر سے اور ہواؤں کے ساتھ چلنے والی

الرِّيَاحُ. (مصنف ابن أبي شيبة، ٤: ٤٧٣)

چیزوں کے شر سے تیری پناہ و حفاظت میں آتا ہوں۔

۲۷ اَللّٰھُمَّ اھْدِنِيْ بِالْھُدٰی، وَنَقِّنِيْ بِالتَّقْوٰی،

یا اللہ! تو مجھے راہِ راست پر چلا اور پرہیزگاری دے کر صاف ستھرا کر، اور

وَاغْفِرْلِيْ فِي الْآخِرَةِ وَالْأُوْلٰی. (مصنف ابن ابی شیبۃ، ٦:٤٢٢)

دنیا و آخرت میں بخش دے۔

۲۸ اَللّٰھُمَّ (إِنِّيْ) أَسْأَلُكَ عِلْماً نَافِعاً، وَرِزْقاً

یا اللہ! میں تجھ سے نفع بخش علم اور کشادہ روزی اور ہر بیماری سے شفا

وَّاسِعاً، وَشِفَاءً مِّنْ كُلِّ دَاءٍ. (المستدرك، ١:٦٤٦)

مانگتا ہوں۔

۲۹ اَللّٰھُمَّ أَنْتَ عَضُدِيْ وَنَصِيْرِيْ، بِكَ

یا اللہ! تو میرا دست و بازو اور مددگار ہے، تیری وجہ سے ہی میرے احوال

أُحَوِّلُ، وَبِكَ أَصُوْلُ، وَبِكَ أُقَاتِلُ. وَلَا حَوْلَ

بدلتے ہیں اور تیری ہی مدد سے دشمن پر جھپٹتا ہوں اور اس سے جنگ کرتا

وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِكَ. (أبو داود، ١:٣٥٣)

ہوں، اور گناہوں سے حفاظت اور نیکیوں کی قدرت تیری توفیق سے ہی ہے۔

۳۰ اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ كُلُّهٗ، لَا قَابِضَ لِمَا

اے اللہ! ساری تعریفوں کا مستحق تو ہی ہے، جسے تو کشادہ کردے اسے تنگ

بَسَطْتَ، وَلَا بَاسِطَ لِمَا قَبَضْتَ، وَلَا هَادِيَ

کرنے والا کوئی نہیں، اور جسے تو تنگ کردے اسے کوئی کشادہ نہیں کرسکتا،

لِمَنْ أَضْلَلْتَ، وَلَا مُضِلَّ لِمَنْ هَدَيْتَ، وَلَا

اور جسے تو گمراہ کردے اسے کوئی ہدایت دینے والا نہیں اور جسے تو ہدایت

مُعْطِيَ لِمَا مَنَعْتَ، وَلَا مَانِعَ لِمَا أَعْطَيْتَ،

دے اسے کوئی گمراہ نہیں کرسکتا، اور جو نعمت تو روک لے اس کا دینے والا

وَلَا مُقَرِّبَ لِمَا بَاعَدْتَّ، وَلَا مُبَاعِدَ لِمَا قَرَّبْتَ.

کوئی نہیں، اور جو نعمت تو عطا کرے اس کا روکنے والا کوئی نہیں، اور جس چیز

اَللّٰهُمَّ ابْسُطْ عَلَيْنَا مِنْ بَرَكَاتِكَ وَرَحْمَتِكَ

کو تو دور کردے اسے کوئی قریب کرنے والا نہیں اور جس کو قریب کردے

وَفَضْلِكَ وَرِزْقِكَ. اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ النَّعِيْمَ

اس کو کوئی دور نہیں کرسکتا۔ اے اللہ! اپنی بھلائیاں اور رحمتیں اور عنایتیں اور

الْمُقِيْمَ الَّذِيْ لَا يَحُوْلُ وَلَا يَزُوْلُ. اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ

روزی ہم پر پھیلا دے، اور اے اللہ! میں تجھ سے ایسی دائمی نعمتیں مانگتا

أَسْأَلُكَ الْأَمْنَ يَوْمَ الْخَوْفِ. اَللّٰهُمَّ (إِنِّيْ)

ہوں جو نہ بدلے اور نہ ہٹے۔ اے اللہ! میں تجھ سے بروز خوف امن چاہتا

عَائِذٌ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا أَعْطَيْتَنَا وَ (مِنْ) شَرِّ مَا

ہوں۔ اے اللہ! میں تیری عطا کردہ چیزوں کے اور تیری روکی ہوئی چیزوں

مَنَعْتَنَا. اَللّٰهُمَّ حَبِّبْ إِلَيْنَا الْإِيْمَانَ، وَزَيِّنْهُ فِيْ

کے شر سے تیری حفاظت میں آتا ہوں۔ اے اللہ! ہمیں ایمان سے محبت

قُلُوْبِنَا، وَكَرِّهْ إِلَيْنَا الْكُفْرَ وَالْفُسُوْقَ وَالْعِصْيَانَ،

دیدے، اور اس کو ہمارے دلوں میں حسین کر دکھا اور ہمیں کفر اور گناہ اور

وَاجْعَلْنَا مِنَ الرَّاشِدِيْنَ. اَللّٰهُمَّ تَوَفَّنَا مُسْلِمِيْنَ،

نافرمانی سے نفرت دیدے اور ہمیں نیک چلن لوگوں میں شامل فرما۔ اے

وَأَلْحِقْنَا بِالصَّالِحِيْنَ غَيْرَ خَزَايَا وَلَا مَفْتُوْنِيْنَ.

اللہ! ہمیں بحالت اسلام اٹھانا اور ہمیں ان نیکوکاروں میں شامل فرما جو نہ

اَللّٰهُمَّ قَاتِلِ الْكَفَرَةَ الَّذِيْنَ يُكَذِّبُوْنَ رُسُلَكَ

رسوا ہیں اور نہ گرفتار بلا ہیں۔ اے اللہ! ان کافروں سے جنگ کر جو تیرے

وَيَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِكَ، وَاجْعَلْ عَلَيْهِمْ رِجْزَكَ

انبیا کا انکار کرتے ہیں، اور تیرے دین پہ چلنے سے لوگوں کو روکتے ہیں، اور

وَعَذَابَكَ إِلٰهَ الْحَقِّ، اٰمِيْنَ. (مستدرک، ۲:۳٦۰)

ان پر اپنا عذاب اور مصیبت نازل فرما۔ اے معبود برحق یہ دعا قبول فرما۔

۳۱ اَللّٰهُمَّ مُنْزِلَ الْكِتَابِ، وَمُجْرِيَ

اے اللہ! اے قرآن کے اتارنے والے اور بادل کے چلانے والے اور

السَّحَابِ، وَهَازِمَ الْأَحْزَابِ اهْزِمْهُمْ،

لشکروں کو شکست دینے والے ان کو شکست دیدے اور ان کے مقابلہ میں

وَانْصُرْنَا عَلَيْهِمْ. (البخاري، ۱:۲٦۱۶)

ہمیں غالب کردے۔

۳۲ اَللّٰهُمَّ إِنَّا نَجْعَلُكَ فِيْ نُحُوْرِهِمْ، وَنَعُوْذُ

اے اللہ! ہم تجھے ان کے بالمقابل ڈھال بناتے ہیں اور ان کے فتنوں

بِكَ مِنْ شُرُوْرِهِمْ. (أبو داود، ۱:۲۱۵)

سے ہم تیری پناہ و حفاظت میں آتے ہیں۔

۳۳ اَللّٰهُمَّ رَحْمَتَكَ أَرْجُوْ فَلَا تَكِلْنِيْ إِلٰى نَفْسِيْ طَرْفَةَ عَيْنٍ، وَأَصْلِحْ لِيْ شَأْنِيْ كُلَّهٗ، لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ. (أبو داود، ۲:۶۹۴)

اے اللہ! میں تیری رحمت کا امیدوار ہوں سو مجھے ایک آن کے لیے بھی میرے نفس کے حوالے مت کر، اور میرے تمام کاموں کو درست فرما، تیرے سوا کوئی حاکم و معبود نہیں۔

۳۴ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ أَسْتَغِيْثُ. (الترمذي، ۲:۱۹۲)

اے سدا زندہ رہنے والے، اے سب کو تھامنے والے! ہم تیری رحمت کی بھیک مانگتے ہیں۔

۳۵ اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ عَبْدُكَ، (وَ) ابْنُ عَبْدِكَ، (وَ)

اے اللہ! میں تیرا غلام اور تیرا غلام زادہ اور تیری لونڈی زادہ ہوں

ابْنُ أَمَتِكَ؛ نَاصِيَتِيْ بِيَدِكَ، مَاضٍ فِيَّ حُكْمُكَ،

میری چوٹی تیرے قبضۂ قدرت میں ہے، تیرا حکم مجھ پر چلتا ہے،

عَدْلٌ فِيَّ قَضَاؤُكَ؛ أَسْأَلُكَ بِكُلِّ اسْمٍ هُوَ

میرے بارے میں کیا گیا تیرا فیصلہ منصفانہ ہے، میں تجھ سے تیری

لَكَ سَمَّيْتَ بِهِ نَفْسَكَ، أَوْأَنْزَلْتَهُ فِيْ كِتَابِكَ،

ذات کے ساتھ خاص کردہ یا اپنے قرآن میں نازل کردہ یا اپنی کسی

أَوْ عَلَّمْتَهُ أَحَداً مِنْ خَلْقِكَ، أَوِ اسْتَأْثَرْتَ بِهِ

مخلوق کو سکھائے گئے یا اپنے خزانۂ علم غیب ہی میں محفوظ کردہ (اور کسی

فِيْ عِلْمِ الْغَيْبِ عِنْدَكَ، أَنْ تَجْعَلَ الْقُرْآنَ

کو نہ بتائے گئے) اسم اعظم کے وسیلے سے یہ دعا کرتا ہوں کہ تو قرآن

(الْعَظِيْمَ) رَبِيْعَ قَلْبِيْ، وَنُوْرَ بَصَرِيْ، وَجَلَاءَ

عظیم کو میرے دل کی بہار اور میری آنکھ کا نور اور میرے رنج وغم کے

حُزْنِيْ، وَذَهَابَ هَمِّيْ. (ابن حبان، ۲: ۱۶۰)

ازالہ کا باعث بنا۔

۳۶ اَللّٰھُمَّ لَا سَھْلَ اِلَّا مَا جَعَلْتَہٗ سَھْلًا، وَاَنْتَ

اے اللہ! آسان کام تو وہی ہے جو تو نے آسان کر دیا، اور تو مشکل کو جب

تَجْعَلُ الْحَزْنَ سَھْلًا اِذَا شِئْتَ. (ابن حبان، ۲: ۱۶۰)

چاہے آسان کر سکتا ہے۔

۳۷ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْحَلِیْمُ الْکَرِیْمُ، سُبْحَانَ

معزز اور بردبار اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، میں مالکِ عرشِ عظیم

اللّٰہِ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ، اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ

اللہ کی پاکیاں بیان کرتا ہوں، ساری تعریفیں اللہ رب العالمین

الْعٰلَمِیْنَ؛ اَسْاَلُکَ مُوْجِبَاتِ رَحْمَتِکَ، وَعَزَائِمَ

کے لیے مخصوص ہیں، میں تجھ سے تیری رحمت کے اسباب، اور

مَغْفِرَتِکَ، (وَالْعِصْمَۃَ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ،) وَالْغَنِیْمَۃَ

ہماری مغفرت کے تیرے پختہ ارادے، اور تمام گناہوں سے

مِنْ کُلِّ بِرٍّ، وَالسَّلَامَۃَ مِنْ کُلِّ اِثْمٍ، لَا تَدَعْ

بچاؤ، اور تمام نیکیوں کی دولت اور تمام برائیوں سے حفاظت چاہتا

لِيْ ذَنْبًا إِلَّا غَفَرْتَهُ، وَلَا هَمًّا إِلَّا فَرَّجْتَهُ، (وَلَا

ہوں میرا کوئی گناہ بخشے بغیر اور میری کوئی فکر دور کیے بغیر اور کوئی

كَرْبًا إِلَّا نَفَّسْتَهُ، وَلَا ضُرًّا إِلَّا كَشَفْتَهُ) وَلَا

مصیبت زائل کیے بغیر اور کوئی ضرر ہٹائے بغیر اور تیری رضا مندی

حَاجَةً هِيَ لَكَ رِضًا إِلَّا قَضَيْتَهَا يَا أَرْحَمَ

کے قبیل کی کوئی حاجت پوری کیے بغیر نہ چھوڑ۔ اے تمام مہربانوں

الرَّاحِمِيْنَ. (الترمذي، ۱۰۸٦)

سے بڑے مہربان۔

منزل الإثنین
تیسری منزل

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

سب پر مہربان، نہایت رحم والے اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں۔

۱ اَللّٰهُمَّ ارْحَمْنِيْ بِتَرْكِ الْمَعَاصِيْ أَبَدًا مَّا أَبْقَيْتَنِيْ،

یااللہ! مجھ پر مہربانی فرما کہ میں اپنی جینی حیات تک برابر گناہوں کو چھوڑے رکھوں۔

وَارْحَمْنِيْ أَنْ أَتَكَلَّفَ مَالَا يَعْنِيْنِيْ، وَارْزُقْنِيْ

اور یہ مہربانی فرما کہ بے فائدہ کاموں میں نہ لگوں؛ اور مجھے تیری مرضیات کے کام

حُسْنَ النَّظَرِ فِيْ مَا يُرْضِيْكَ عَنِّيْ. اَللّٰهُمَّ بَدِيْعَ

کرنے کی بہتر فکر نصیب فرما۔ اے اللہ! اے آسمان وزمین کے بے نمونہ بنانے

السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضِ، ذَاالْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ،

والے، اے بزرگی واحترام اور ایسی عزت والے جس کے حصول کا قصد وارادہ نہ

وَالْعِزَّةِ الَّتِيْ لَا تُرَامُ، أَسْأَلُكَ يَااَللّٰهُ يَارَحْمٰنُ

کیا جاسکے۔ اے اللہ، اے بڑے مہربان تیری بزرگی اور تیرے چہرہ انور کے

بِجَلَالِكَ وَنُوْرِ وَجْهِكَ أَنْ تُلْزِمَ قَلْبِيْ حِفْظَ

وسیلے سے یہ دعا کرتا ہوں کہ تو میرے قلب کو اسی طرح اپنی کتاب کے یاد کرنے کا

كِتَابِكَ كَمَا عَلَّمْتَنِي ، وَارْزُقْنِي أَنْ أَتْلُوَهُ عَلَى

پابند بنادے جیسے کہ تو نے مجھے سکھایا ہے۔ اور مجھے اس طریقے سے اس کی تلاوت

النَّحْوِ الَّذِي يُرْضِيكَ عَنِّي . اَللّٰهُمَّ بَدِيعَ

کرنے کی توفیق عطا فرما کہ جو تجھے خوش کردے۔ اے اللہ! اے آسمان و زمین کے

السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضِ ، ذَاالْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ ،

بے نمونہ بنانے والے، اے بزرگی و احترام اور ایسی عزت والے جس کے حصول کا

وَالْعِزَّةِ الَّتِي لَا تُرَامُ ، أَسْأَلُكَ يَا اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ

قصد و ارادہ نہ کیا جا سکے۔ اے اللہ اے بڑے مہربان تیری بزرگی اور چہرۂ انور کے

بِجَلَالِكَ وَنُورِ وَجْهِكَ أَنْ تُنَوِّرَ بِكِتَابِكَ بَصَرِي ،

وسیلے سے یہ دعا کرتا ہوں کہ تو اپنی کتاب کے ذریعہ میری آنکھوں کو جلا بخشے

وَأَنْ تُطْلِقَ بِهِ لِسَانِي ، وَأَنْ تُفَرِّجَ بِهِ عَنْ قَلْبِي ،

اور اس کے ذریعہ میری زبان کو تر رکھے، اور اس کے ذریعہ میرے دل کے رنج و غم

وَأَنْ تَشْرَحَ بِهِ صَدْرِي ، وَأَنْ تَسْتَعْمِلَ بِهِ

کو دور فرمائے، اور اس کے ذریعہ میرا سینہ کھول دے، اور اس کے ذریعہ میرے

بَدَنِيْ ، فَإِنَّهُ لَا يُعِيْنُنِيْ عَلَى الْحَقِّ غَيْرُكَ ، وَلَا

جسم کو کام میں لگا دے؛ کیوں کہ بات یہ ہے کہ بجز تیرے کوئی شخص حق بات میں

يُؤْتِيْهِ إِلَّا أَنْتَ ، وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ

میری مدد نہیں کر سکتا۔ اور تیرے سوا کوئی حق ادا کرنے والا نہیں، اور بدی سے

الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ. (الترمذي، ۲: ۱۹۷، المستدرك، ۱: ٤٦١)

حفاظت اور نیکی کی توفیق صرف بزرگ و برتر اللہ کی طرف سے ملتی ہے۔

۲ اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَتُوْبُ إِلَيْكَ مِنَ الْمَعَاصِيْ

اے اللہ میں تیرے سامنے نافرمانیوں سے ایسی پکی توبہ کرتا ہوں کہ ان کی

لَا أَرْجِعُ إِلَيْهَا أَبَدًا. (المستدرك، ۱: ٦٩٧)

جانب کبھی نہ لوٹوں۔

۳ اَللّٰهُمَّ مَغْفِرَتُكَ أَوْسَعُ مِنْ ذُنُوْبِيْ ، وَرَحْمَتُكَ

اے اللہ تیری بخشش میرے گناہوں کے مقابلہ میں وسیع تر ہے، اور میرے

أَرْجٰى عِنْدِيْ مِنْ عَمَلِيْ. (المستدرك، ۱: ۷۲۸)

اعمال کے بمقابلہ تیری رحمت زیادہ لائق امید ہے۔

۴ اَللّٰهُمَّ إِنَّكَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ، فَاعْفُ

اے اللہ تو بڑا معاف کرنے والا ہے تجھے معافی پسند ہے سو مجھے

عَنِّي. (الترمذي ۲: ۱۹۱)

معاف کردے۔

۵ اَللّٰهُمَّ اكْفِنِي بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ،

یا اللہ تو مجھے تیری حلال روزی دے کر تیری حرام روزی سے بچالے۔

وَأَغْنِنِي بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ. (الترمذي ۲: ۱۹۶)

اور اپنا فضل دے کر تیرے ماسوا ہر ایک سے بے نیاز کردے۔

۶ اَللّٰهُمَّ فَارِجَ الْهَمِّ، كَاشِفَ الْغَمِّ، مُجِيْبَ

اے اللہ، اے رنج کو دور کرنے والے، اے پریشانی دور کرنے والے، اے مجبوروں کی

دَعْوَةِ الْمُضْطَرِّيْنَ، رَحْمٰنَ الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ

پکار پر پہنچنے والے، اے دنیا و آخرت میں بڑی مہربانی کرنے والے اور دونوں جہانوں

وَرَحِيْمَهُمَا، أَنْتَ تَرْحَمُنِيْ، فَارْحَمْنِيْ بِرَحْمَةٍ

میں بے حد مہربانی کرنے والے تو ہی مجھ پر مہربانی کرے گا، سو تو مجھ پر ایسی رحمت

تُغْنِيْنِيْ بِهَا عَنْ رَّحْمَةِ مَنْ سِوَاكَ. (المستدرك، ۱:۶۹۶)

نازل فرما کہ جس کی وجہ سے تو مجھے تیرے سوا ہر ایک کی مہربانی سے بے نیاز کر دے۔

۷ اَللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضِ، عَالِمَ

اے اللہ! اے زمین و آسمان کے رب، اے مخفی و ظاہری باتوں کے

الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ، إِنِّيْ أَعْهَدُ إِلَيْكَ فِيْ هٰذِهِ

جاننے والے، میں تجھے اس دنیا میں یہ عہد و پیمان دے رہا ہوں کہ میں

الْحَيَاةِ الدُّنْيَا، أَنِّيْ أَشْهَدُ أَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ

گواہی دیتا ہوں کہ تجھ یکتا و لاشریک لہ کے سوا کوئی معبود نہیں، اور میں

وَحْدَكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ، وَأَنَّ (سَيِّدَنَا) مُحَمَّدًا

گواہی دے رہا ہوں کہ محمد ﷺ تیرے بندے اور تیرے

(ﷺ) عَبْدُكَ وَرَسُوْلُكَ؛ (فَلَا تَكِلْنِيْ إِلٰى

پیغمبر ہیں۔ سو مجھے میرے نفس کے حوالے نہ کرنا، کیوں کہ اگر تو نے مجھے

نَفْسِيْ)، فَإِنَّكَ إِنْ تَكِلْنِيْ إِلٰى نَفْسِيْ تُقَرِّبْنِيْ

میرے نفس کے حوالے کر دیا تو وہ مجھے برائی سے قریب اور بھلائی سے

مِنَ الشَّرِّ، وَتُبَاعِدُنِي مِنَ الْخَيْرِ، وَإِنِّي لَا أَثِقُ إِلَّا

دور کردے گا، اور میں صرف تیری رحمت کا امیدوار ہوں سو تو اپنی مرضی

بِرَحْمَتِكَ، فَاجْعَلْ لِي عِنْدَكَ عَهْدًا تُوَفِّيْنِيهِ يَوْمَ

سے مجھے ایک ایسا عہد دیدے جس کو تو روز قیامت پورا فرمائے گا، بے

الْقِيٰمَةِ، إِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ. (مسند أحمد، ۱: ۴۰۸)

شک تو وعدہ خلافی نہیں کرتا۔

۸ أَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِي لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ الْحَيُّ

میں اس اللہ سے معافی مانگتا ہوں جس کے سوا کوئی معبود نہیں، جو سدا زندہ

الْقَيُّوْمُ، وَأَتُوْبُ إِلَيْهِ. (أبو داود، ۱: ۲۱۲)

رہنے والا ہے سب کو تھامنے والا ہے، اور میں اس کی جانب رجوع کرتا ہوں۔

۹ رَبِّ اغْفِرْ لِيْ، وَتُبْ عَلَيَّ، إِنَّكَ أَنْتَ

اے میرے رب مجھے بخش دے، اور میری توبہ قبول فرما، کیوں کہ تو ہی توبہ

التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ. (أبو داود، ۱: ۲۱۲)

قبول کرنے والا بڑا مہربان ہے۔

⓾ اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْعَجْزِ وَالْكَسَلِ،

اے اللہ بے بسی، کاہلی، بزدلی، سخت بڑھاپے اور گناہوں اور معاصی

وَالْجُبْنِ وَالْهَرَمِ، وَالْمَغْرَمِ وَالْمَأْثَمِ. اَللّٰهُمَّ

سے تیری پناہ وحفاظت میں آتا ہوں۔ اے اللہ میں عذاب جہنم

إِنِّي أَعُوْذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ النَّارِ وَفِتْنَةِ النَّارِ،

اور دوزخ کی آزمائش اور قبر کی آزمائش اور قبر کے عذاب

وَفِتْنَةِ الْقَبْرِ وَعَذَابِ الْقَبْرِ، وَشَرِّ فِتْنَةِ الْغِنٰى

اور مالداری کی آزمائش کے شر اور محتاجی کی آزمائش کے شر سے تیری

وَشَرِّ فِتْنَةِ الْفَقْرِ. (ذكره الجزري وعزاه إلى الجماعة)

حفاظت میں آتا ہوں۔

⓫ ......وَأَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْقَسْوَةِ وَالْغَفْلَةِ وَالْعَيْلَةِ

اور میں سنگدلی اور غفلت اور سخت احتیاج اور ذلت اور بے چارگی سے تیری

وَالذِّلَّةِ وَالْمَسْكَنَةِ، وَأَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْفَقْرِ وَالْكُفْرِ

پناہ وحفاظت میں آتا ہوں، اور فقیری اور ناشکری اور نافرمانی اور ہٹ دھرمی

وَالْفُسُوْقِ وَالشِّقَاقِ وَالسُّمْعَةِ وَالرِّيَاءِ، وَأَعُوْذُ بِكَ

اور شہرت پسندی اور ریا کاری سے تیری حفاظت میں آتا ہوں، اور بہرے پن

مِنَ الصَّمَمِ وَالْبَكَمِ وَالْبَرَصِ وَ الْجُنُوْنِ وَالْجُذَامِ

اور گونگے پن اور سفید داغ اور دیوانگی اور کوڑھ اور تمام بری بیماریوں سے

وَسَيِّءِ الْأَسْقَامِ. (المستدرک ۱:۷۱۲)

تیری پناہ و حفاظت میں آتا ہوں۔

۱۲ اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُ بِعِزَّتِكَ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ

اے اللہ میں تیری عزت یعنی تیری توحید کی پناہ میں آتا ہوں اس بات سے

أَنْ تُضِلَّنِيْ، أَنْتَ الْحَيُّ الَّذِيْ لَا يَمُوْتُ

کہ تو مجھے گمراہ ہونے دے، تو وہ سدا زندہ رہنے والا ہے جو کبھی نہیں

وَالْجِنُّ وَالْإِنْسُ يَمُوْتُوْنَ. (مسلم ۲:۳۴۹)

مریگا حالانکہ جنات و انسان سب مرنے والے ہیں۔

۱۳ اَللّٰهُمَّ إِنَّا نَعُوْذُ بِكَ مِنْ جُهْدِ الْبَلَاءِ، وَدَرْكِ

اے اللہ آزمائش کی تکلیف اور بدنصیبی کے آ پکڑنے سے اور بدقسمتی

الشَّقَاءِ، وَسُوءِ الْقَضَاءِ، وَشَمَاتَةِ الأَعْدَاءِ. (بخاري، ۲: ۹۳۹)

اور دشمنوں کی ہنسی سے ہم تیری حفاظت میں آتے ہیں۔

۱۴ اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا عَلِمْتُ،

اے اللہ ان چیزوں کی بُرائی سے جن کو میں جانتا ہوں اور ان چیزوں کی

وَمِنْ شَرِّ مَالَمْ أَعْلَمْ. (إحياء العلوم، ۱: ۲۹۱)

برائی سے جن کو میں نہیں جانتا، تیری پناہ میں آتا ہوں۔

۱۵ اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا عَمِلْتُ،

اے اللہ ان اعمال کی بُرائی سے جن کو میں نے کیا، اور ان اعمال کی برائی

وَمِنْ شَرِّ مَالَمْ أَعْمَلْ. (مسلم، ۲: ۳٤۹)

سے جن کو میں نے نہیں کیا، تیری پناہ و حفاظت میں آتا ہوں۔

۱۶ اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوْذُبِكَ مِنْ زَوَالِ نِعْمَتِكَ،

یا اللہ میں تیری نعمت چلی جانے اور تیری دی ہوئی تندرستی کے ٹل

وَتَحَوُّلِ عَافِيَتِكَ، وَفُجَاءَةِ نِقْمَتِكَ، وَجَمِيعِ

جانے، اور تیری ناگہانی مصیبت اور تیری تمام ناراضگیوں سے، تیری

سَخَطِكَ. (مسلم، ۲: ۳۵۲)

حفاظت میں آتا ہوں۔

۱۷ اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ سَمْعِي،

یا اللہ میں اپنے کانوں کی بُرائی، اور اپنی آنکھوں کی برائی، اور اپنی زبان

وَمِنْ شَرِّ بَصَرِي، وَمِنْ شَرِّ لِسَانِي، وَمِنْ

کی برائی، اور اپنے قلب کی برائی اور اپنی منی کی برائی سے تیری پناہ

شَرِّ قَلْبِي، وَمِنْ شَرِّ مَنِيِّي. (الترمذي، ۲: ۱۸۷)

وحفاظت میں آتا ہوں۔

۱۸ اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوْذُبِكَ مِنَ الْهَدْمِ،

یا اللہ میں اپنے اوپر کسی چیز کے آگرنے سے تیری پناہ وحفاظت میں

وَأَعُوْذُبِكَ مِنَ التَّرَدِّي، وَأَعُوْذُبِكَ مِنَ

آتا ہوں۔ اور کسی بلندی سے گر پڑنے سے تیری حفاظت میں آتا ہوں، اور

الْغَرَقِ وَالْحَرَقِ وَالْهَرَمِ، وَأَعُوْذُبِكَ أَنْ

ڈوبنے، اور جلنے، اور بڑھاپے سے تیری حفاظت میں آتا ہوں، اور بوقت

يَتَخَبَّطَنِي الشَّيْطَانُ عِنْدَ الْمَوْتِ، وَأَعُوْذُبِكَ

موت شیطان کے مجھے بہکانے سے میں تیری پناہ میں آتا ہوں۔ اور تیرے

أَنْ أَمُوْتَ فِيْ سَبِيْلِكَ مُدْبِرًا، وَأَعُوْذُبِكَ أَنْ

میدانِ جہاد سے مفرور ہو کر مرجانے سے تیری حفاظت میں آتا ہوں،

أَمُوْتَ لَدِيْغًا. (أبوداود، ۱: ۲۱٦)

اور مار گزیدہ ہو کر مرجانے سے تیری پناہ وحفاظت میں آتا ہوں۔

۱۹ اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوْذُبِكَ مِنْ مُنْكَرَاتِ الْأَخْلَاقِ

اے اللہ بدخلقی اور بدعملی اور ہوائے بد اور امراضِ بد سے تیری پناہ

وَالْأَعْمَالِ وَالْأَهْوَاءِ وَالْأَدْوَاءِ. (كنز العمال ۲: ۱۸٦، ترمذي ۲: ۱۹۹)

وحفاظت میں آتا ہوں۔

۲۰ اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ مِنْ خَيْرِ مَاسَأَلَكَ مِنْهُ

یا اللہ میں تجھ سے وہ تمام بھلائیاں مانگتا ہوں جو تجھ سے تیرے نبی محمد

نَبِيُّكَ مُحَمَّدٌ ﷺ، وَأَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا اسْتَعَاذَ

ﷺ نے مانگی اور ان تمام برائیوں سے تیری پناہ وحفاظت میں آتا ہوں جن

مِنْهُ نَبِيُّكَ مُحَمَّدٌ ﷺ، وَأَنْتَ الْمُسْتَعَانُ

سے تیرے نبی محمد ﷺ نے تیری پناہ و حفاظت مانگی، اور تجھ ہی سے مدد مانگی

وَعَلَيْكَ الْبَلَاغُ، وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ

جاتی ہے، اور سارے امور تیرے پاس ہی پہنچتے ہیں، اور نیکی کی توفیق

الْعَلِيِّ الْعَظِيمِ). (الترمذي، ۲:۱۹۲ وفيه تصحيف الجمع)

اور بدی سے حفاظت بزرگ برتر اللہ کے سوا کسی سے نہیں ملتی۔

۲۱ اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنْ جَارِ السُّوْءِ فِي دَارِ

یا اللہ میں اپنے رہائشی گھر کے بُرے پڑوسی سے تیری پناہ میں آتا ہوں،

الْمُقَامَةِ؛ فَإِنَّ جَارَ الْبَادِيَةِ يَتَحَوَّلُ؛ وَمِنَ الْجُوعِ

کیوں کہ جنگل کا پڑوسی (مسافر) تو منتقل ہو ہی جاتا ہے، اور بھوک سے

فَإِنَّهُ بِئْسَ الضَّجِيعُ، وَمِنَ الْخِيَانَةِ فَإِنَّهَا

تیری پناہ میں آتا ہوں، کیوں کہ وہ تو برا ہم بستر ہے، اور خیانت سے تیری

بِئْسَتِ الْبِطَانَةُ. (المستدرك، ۱:۵۲۴، المستدرك، ۱:۵۲۶)

پناہ میں آتا ہوں کیوں کہ وہ برا ہم راز ہے۔

۲۲ اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوْذُبِكَ مِنْ عِلْمٍ لَّا يَنْفَعُ، وَقَلْبٍ لَّا يَخْشَعُ، وَدُعَاءٍ لَّا يُسْمَعُ، وَنَفْسٍ لَّا تَشْبَعُ، وَمِنْ هٰؤُلَاءِ الْأَرْبَعِ. (المستدرك، ۱:۱۰۴، مصنف ابن أبي شيبة، ۷:۲۰)

اے اللہ میں ایسے علم سے جو فائدہ نہ پہنچائے اور ایسے دل سے جو تجھ سے نہ ڈرے، اور ایسی دعا سے جس کی شنوائی نہ ہو، اور ایسے نفس سے جسے سیری وقناعت نہ ہو اور ان چاروں سے تیری پناہ وحفاظت میں آتا ہوں۔

۲۳ اَللّٰهُمَّ إِنَّا نَعُوْذُبِكَ أَنْ نَّرْجِعَ عَلٰى أَعْقَابِنَا، أَوْ نُفْتَنَ عَنْ دِيْنِنَا. (البخاري، ۲:۹۷۵)

یا اللہ ہم کفر ومعصیت کی طرف الٹے قدم واپس کرنے یا ہمیں اپنے دین سے ہٹائے جانے سے تیری حفاظت میں آتے ہیں۔

۲۴ اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوْذُبِكَ مِنْ يَوْمِ السُّوْءِ، وَمِنْ لَّيْلَةِ السُّوْءِ، وَمِنْ سَاعَةِ السُّوْءِ، وَمِنْ

یا اللہ میں بُرے دن سے بُری رات سے اور بُری گھڑی سے اور بُرے ساتھی سے

صَاحِبِ السُّوْءِ، وَمِنْ جَارِ السُّوْءِ فِيْ دَارِ

اور رہائشی گھر کے بُرے پڑوسی سے تیری پناہ

الْمُقَامَةِ. (المعجم الكبير، ١٧: ٢٩٤)

وحفاظت میں آتا ہوں۔

۲۵ اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُبِكَ مِنَ الشِّقَاقِ وَالنِّفَاقِ

یا اللہ میں نزاع، دورُخی بات اور بدخلقی سے تیری پناہ وحفاظت

وَسُوْءِ الْأَخْلَاقِ. (أبو داود، ١: ٢١٦)

میں آتا ہوں۔

۲۶ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ جِدِّيْ وَهَزْلِيْ، وَخَطَئِيْ

اے اللہ! مجھے بخش دے اے اللہ میری سنجیدگی اور میری مذاق اور میری چوک

وَعَمْدِيْ، وَكُلُّ ذٰلِكَ عِنْدِيْ. (مسلم، ٢: ٣٤٩)

اور میری غلطی اور ہر اس گناہ کو جو میرے علم وخیال میں ہوں معاف کردے۔

۲۷ اَللّٰهُمَّ مُصَرِّفَ الْقُلُوْبِ صَرِّفْ قُلُوْبَنَا

اے دلوں کو پھیرنے والے ہمارے دلوں کو تیری عبادت کی

عَلٰى طَاعَتِكَ. (مسلم، ۲: ۳۴۵)

جانب موڑ دے۔

۲۸ اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ الْهُدٰى وَالتُّقٰى

یا اللہ میں تجھ سے رہبری، پرہیزگاری، پاکبازی اور بے نیازی

وَالْعَفَافَ وَالْغِنٰى. (مسلم، ۲: ۳۵۰)

کا طلب گار ہوں۔

۲۹ رَبِّ أَعِنِّي وَلَا تُعِنْ عَلَيَّ، وَانْصُرْنِي وَلَا

یا اللہ میری مدد کر اور میرے خلاف کسی کی مدد نہ کر، اور میری اعانت کر اور میرے

تَنْصُرْ عَلَيَّ، وَامْكُرْ لِي وَلَا تَمْكُرْ عَلَيَّ،

خلاف کسی کی اعانت نہ کر، اور میرے لیے مفید تدبیر فرما اور مضر تدبیر نہ کر، اور مجھے

وَاهْدِنِي الْهُدٰى وَيَسِّرِ الْهُدٰى لِي، وَانْصُرْنِي

بھرپور ہدایت دے، اور میرے لیے راہ راست پر چلنا آسان کر دے، اور مجھ پر

عَلٰى مَنْ بَغٰى عَلَيَّ؛ رَبِّ اجْعَلْنِي لَكَ ذَكَّارًا،

ظلم کرنے والے کے خلاف میری مدد فرما، اے میرے رب مجھے تو اپنا ہی بہت

لَّكَ شَكَّارًا، لَّكَ رَهَّابًا، لَّكَ مِطْوَاعًا، لَّكَ

زیادہ یاد کرنے والا، اپنا ہی بڑا شکر گزار، تجھ ہی سے زیادہ ڈرنے والا، تیرا ہی

مُخْبِتًا، إِلَيْكَ أَوَّاهًا مُّنِيبًا؛ رَبِّ تَقَبَّلْ تَوْبَتِي،

فرماں بردار، تیرے ہی سامنے عاجزی کرنے والا، تیرے ہی سامنے آہ وزاری

وَاغْسِلْ حَوْبَتِي، وَأَجِبْ دَعْوَتِي، وَثَبِّتْ

کرنے والا توبہ کرنے والا بنا، اے رب میری توبہ قبول فرما، اور میرے گناہ دھو دے،

حُجَّتِي، وَسَدِّدْ لِسَانِي، وَاهْدِ قَلْبِي، وَاسْلُلْ

اور میری پکار کو سن لے اور میری حجت مضبوط کر دے، اور میری زبان کو درست رکھ

سَخِيْمَةَ صَدْرِي. (الترمذي، ۲: ۱۹۵)

اور میرے دل کو ہدایت عطا فرما اور میرے قلب سے کینے کو نکال دے۔

۲۰ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَنَا، وَارْحَمْنَا، وَارْضَ عَنَّا،

یا اللہ ہمیں معاف فرما دے، اور ہم پر مہربانی فرما، اور ہم سے راضی ہو جا،

وَتَقَبَّلْ مِنَّا، وَأَدْخِلْنَا الْجَنَّةَ، وَنَجِّنَا مِنَ النَّارِ،

اور ہماری نیکیوں کو قبول فرما، اور ہمیں جنت میں لے جا اور ہمیں جہنم سے

وَأَصْلِحْ لَنَا شَأْنَنَا كُلَّهُ. (ابن ماجة، ص ۲۷۲)

بچا، اور ہمارے تمام احوال کو درست فرما۔

(۳۱) اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ الثَّبَاتَ فِي الْأَمْرِ،

یا اللہ میں تجھ سے دین پر جماؤ طلب کرتا ہوں، اور تجھ سے نیکی کا پختہ ارادہ

وَأَسْأَلُكَ عَزِيمَةَ الرُّشْدِ، وَأَسْأَلُكَ شُكْرَ

اور تیری نعمتوں کی شکر گزاری اور تیری عبادت میں حسن و خلوص طلب

نِعْمَتِكَ، وَحُسْنَ عِبَادَتِكَ، وَأَسْأَلُكَ لِسَانًا

کرتا ہوں، اور تجھ سے سچی زبان اور بے روگ دل اور درست خصلتیں

صَادِقًا، وَقَلْبًا سَلِيمًا، (وَخُلُقًا مُسْتَقِيمًا).

طلب کرتا ہوں، اور ان چیزوں کے شر سے تیری حفاظت میں آتا ہوں

وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا تَعْلَمُ، وَأَسْأَلُكَ مِنْ

جنھیں تو جانتا ہے، اور ان چیزوں کی خیر چاہتا ہوں جنھیں تو جانتا ہے، اور

خَيْرِ مَا تَعْلَمُ، وَأَسْتَغْفِرُكَ مِمَّا تَعْلَمُ؛ إِنَّكَ

ان گناہوں سے معافی چاہتا ہوں جنھیں تو جانتا ہے۔ کیوں کہ تو تو بھید کی

أَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ. (الترمذي، ۲: ۱۷۸)

باتوں کو بھی جاننے والا ہے۔

۳۳ اَللّٰهُمَّ أَلِّفْ بَيْنَ قُلُوْبِنَا، وَأَصْلِحْ ذَاتَ بَيْنِنَا،

اے اللہ ہمارے دلوں کو جوڑ دے، اور ہمارے باہمی تعلقات کو سنوار دے

وَاهْدِنَا سُبُلَ السَّلَامِ، وَنَجِّنَا مِنَ الظُّلُمَاتِ إِلَى

اور ہمیں سلامتی کے راستوں پر لے چل، اور ہمیں تاریکیوں سے نکال کر نور کی

النُّوْرِ، وَجَنِّبْنَا الْفَوَاحِشَ مَاظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ،

جانب لے آ، اور ہمیں ظاہری و باطنی بے حیائیوں سے بچا، اور ہمارے

وَبَارِكْ لَنَا فِيْ أَسْمَاعِنَا، وَأَبْصَارِنَا، وَقُلُوْبِنَا،

کانوں، اور ہماری آنکھوں، اور ہمارے دلوں، ہماری بیویوں اور ہماری اولاد

وَأَزْوَاجِنَا، وَذُرِّيَّاتِنَا، وَتُبْ عَلَيْنَا، إِنَّكَ أَنْتَ

میں بھرپور خیر و بھلائی مقدر فرما، اور ہمیں معاف فرما، بے شک تو ہی توبہ کو بہت

التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ. وَاجْعَلْنَا شَاكِرِيْنَ لِنِعْمَتِكَ

قبول کرنے والا ہے، نہایت رحم والا ہے، اور ہمیں تیری نعمتوں کا شکر گزار، ان

مُثْنِيْنَ بِهَا قَابِلِيْهَا، وَأَتِمَّهَا عَلَيْنَا. (أبوداود، ۱۳۹:۱)

کا ثناخواں اور ان کا قبول کنندہ بنا، اور ان کو ہمارے لیے مکمل بھی فرما۔

۲۳ اَللّٰهُمَّ اقْسِمْ لَنَا مِنْ خَشْيَتِكَ مَا تَحُوْلُ

یا اللہ ہمیں تیرا اتنا خوف نصیب فرما کہ جس کی وجہ سے تو ہمارے اور تیری

بِهِ بَيْنَنَا وَبَيْنَ مَعَاصِيْكَ، وَمِنْ طَاعَتِكَ مَاتُبَلِّغُنَا

نافرمانیوں کے درمیان آڑے آجائے، اور تیری اتنی فرماں برداری نصیب

بِهِ جَنَّتَكَ، وَمِنَ الْيَقِيْنِ مَاتُهَوِّنُ بِهِ عَلَيْنَا

فرما جس کی وجہ سے تو ہمیں جنت تک پہنچادے، اور اتنا یقین نصیب

مَصَائِبَ الدُّنْيَا، وَمَتِّعْنَا بِأَسْمَاعِنَا وَ أَبْصَارِنَا

فرما جس کی وجہ سے دنیوی مصیبتوں کا جھیلنا ہم پر آسان کر دے اور ہمارے

وَقُوَّتِنَا مَا أَحْيَيْتَنَا، وَاجْعَلْهُ الْوَارِثَ مِنَّا، وَاجْعَلْ

کانوں اور ہماری آنکھوں اور ہماری قوتوں سے ہماری حینِ حیات تک

ثَأْرَنَا عَلٰى مَنْ ظَلَمَنَا، وَانْصُرْنَا عَلٰى مَنْ

ہمیں بہرہ ور فرما، اور ان کو ہمارے پیچھے چھوڑ، اور ہم پر ستم کرنے والے

عَادَانَا، وَلَا تَجْعَلْ مُصِيْبَتَنَا فِيْ دِيْنِنَا، وَلَا

سے ہمارا انتقام لے لے، اور ہمارے دشمنوں پر ہمیں غالب فرما، اور ہماری

تَجْعَلِ الدُّنْيَا أَكْبَرَ هَمِّنَا، وَلَا مَبْلَغَ عِلْمِنَا،

دین داری کو نقصان نہ پہنچا، اور دنیا کو نہ ہمارا مقصودِ اعظم اور نہ ہمارا منتہائے

وَلَا تُسَلِّطْ عَلَيْنَا مَنْ لَّا يَرْحَمُنَا. (الترمذي، ۲: ۱۸۸)

علم بنا، اور ہم پر ایسوں کو مسلط نہ فرما جو ہم پر ترس نہ کھائیں۔

۳۴ اَللّٰهُمَّ زِدْنَا وَلَا تَنْقُصْنَا، وَأَكْرِمْنَا وَلَا تُهِنَّا،

یا اللہ ہم کو بڑھا اور نہ گھٹا، اور ہمیں عزت دے اور ذلیل نہ کر اور ہمیں

وَأَعْطِنَا وَلَا تَحْرِمْنَا، وَآثِرْنَا وَلَا تُؤْثِرْ عَلَيْنَا،

نواز اور محروم نہ کر اور ہمیں (اوروں پر) ترجیح دے اور ہم پر دوسروں کو ترجیح

وَأَرْضِنَا وَارْضَ عَنَّا. (الترمذي، ۲: ۱۵۰)

نہ دے، اور ہم کو خوش کر دے اور ہم سے بھی خوش ہو جا۔

۳۵ اَللّٰهُمَّ أَلْهِمْنِيْ رُشْدِيْ، وَأَعِذْنِيْ مِنْ

یا اللہ میرے کام کی بات میرے دل میں ڈال دے، اور مجھے نفس کی

شَرِّ نَفْسِي. (الترمذي، ١٨٦:٢)

بُرائی سے بچا۔

٣٦ اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ فِعْلَ الْخَيْرَاتِ،

یا اللہ میں تجھ سے نیکیوں کی توفیق، اور بدیوں سے پرہیز،

وَتَرْكَ الْمُنْكَرَاتِ، وَحُبَّ الْمَسَاكِيْنِ، وَأَنْ

اور مسکینوں سے محبت، اور تیری بخشش اور تیری رحمت کا

تَغْفِرَلِيْ وَتَرْحَمَنِيْ؛ وَإِذَا أَرَدْتَّ بِقَوْمٍ فِتْنَةً

طلبگار رہوں، اور جب تو کسی قوم کو مبتلا ئے آزمائش کرنا چاہے تو

فَتَوَفَّنِيْ غَيْرَ مَفْتُوْنٍ. اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْأَلُكَ حُبَّكَ

مجھے بلا آزمائش کے ہی اٹھالینا، اے اللہ میں تیری محبت، اور

وَحُبَّ مَنْ يُّحِبُّكَ وَالْعَمَلَ الَّذِيْ يُبَلِّغُنِيْ

تیرے محبین کی محبت اور ایسے اعمال کی محبت چاہتا ہوں جو مجھے تیری

حُبَّكَ. (الترمذي في النسخة المصرية، ٣٦٨:٥، المستدرك، ٧٠٨:١)

محبت عطا کرے۔

٧٧ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ حُبَّكَ أَحَبَّ إِلَيَّ مِنْ نَفْسِي وَأَهْلِي وَمِنَ الْمَاءِ الْبَارِدِ. (الترمذي، ٢: ١٨٦)

یا اللہ تیری محبت کو میری جان اور میرے گھر والوں اور ٹھنڈے پانی کی محبت سے بھی زیادہ عزیز بنادے۔

٧٨ اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنِي حُبَّكَ، وَحُبَّ مَنْ يَنْفَعُنِي حُبُّهُ عِنْدَكَ؛ اَللّٰهُمَّ فَكَمَا رَزَقْتَنِي مِمَّا أُحِبُّ فَاجْعَلْهُ قُوَّةً لِي فِيمَا تُحِبُّ؛ اَللّٰهُمَّ وَمَا زَوَيْتَ عَنِّي مِمَّا أُحِبُّ فَاجْعَلْهُ فَرَاغًا لِي فِيمَا تُحِبُّ. (الترمذي، ٢: ١٨٧)

یا اللہ مجھے تیری محبت اور ان کی محبت نصیب فرما جن سے محبت کرنا تیری نظر میں مجھے مفید ہو، اے اللہ جس طرح تو نے مجھے اپنی پسندیدہ نعمتوں سے نوازا، اسی طرح ان نعمتوں کو تیری پسندیدہ طاعتوں کی ادائیگی میں قوت اور قدرت کا باعث بھی بنا، اے اللہ میری جن پسندیدہ چیزوں کو تو نے مجھ سے روکے رکھا ہے، ان کے خیال سے میرے دل کو خالی کر کے تیری پسند کے اعمال میں مجھے مشغول کردے۔

۳۹ يَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ ثَبِّتْ قَلْبِيْ عَلٰى

اے دلوں کو پھیرنے والے میرے دل کو تیرے دین پر

دِيْنِكَ. (الترمذي، ۲: ۳۵)

جمائے رکھ۔

۴۰ اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْأَلُكَ إِيْمَانًا لَّا يَرْتَدُّ، وَنَعِيْمًا

اے اللہ میں تجھ سے لازوال اور لازوال ایمان اور لافانی نعمتوں اور جنت کے

لَّا يَنْفَدُ، وَمُرَافَقَةَ نَبِيِّنَا (سَيِّدِنَا) مُحَمَّدٍ ﷺ

اعلیٰ درجوں یعنی ہمیشگی کے باغات میں ہمارے پیغمبر محمد ﷺ کی رفاقت کا

فِيْ أَعْلٰى دَرَجَةِ الْجَنَّةِ جَنَّةِ الْخُلْدِ. (المستدرك، ۱: ۷۰۷)

طلب گار ہوں۔

۴۱ اَللّٰهُمَّ انْفَعْنِيْ بِمَا عَلَّمْتَنِيْ، وَعَلِّمْنِيْ مَا

اے اللہ تیرے سکھائے ہوئے علم سے مجھے فائدہ پہنچا، اور ایسا علم سکھا جو مجھے

يَنْفَعُنِيْ، وَزِدْنِيْ عِلْمًا؛ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى كُلِّ

فائدہ پہنچائے، اور مجھے اور زیادہ علم دے، ہر حال میں ساری تعریفوں کا مستحق

حَالٍ؛ وَأَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ حَالِ أَهْلِ النَّارِ. (الترمذي، ۲: ۲۰۰)

اللہ ہی ہے، اور جہنمیوں کے حال سے میں اللہ کی پناہ وحفاظت میں آتا ہوں۔

۳۲ اَللّٰهُمَّ بِعِلْمِكَ الْغَيْبِ وَقُدْرَتِكَ عَلَى الْخَلْقِ،

اے اللہ اپنے علم غیب اور مخلوق پر اپنی قدرت کی برکت سے مجھے تب

أَحْيِنِيْ مَا عَلِمْتَ الْحَيَاةَ خَيْرًا لِّيْ، وَتَوَفَّنِيْ

تک زندہ رکھنا جب تک کہ زندہ رہنے کو تو میرے لیے بہتر جانے،

إِذَا عَلِمْتَ الْوَفَاةَ خَيْرًا لِّيْ، وَأَسْأَلُكَ خَشْيَتَكَ

اور جب وفات کو میرے لیے بہتر جانے، مجھے وفات دینا، اور ظاہر

فِي الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ، وَكَلِمَةَ الْإِخْلَاصِ

وباطن میں تیری خشیت اور خوشی اور غصہ دونوں حالتوں میں حق گوئی کا

فِي الرِّضَا وَالْغَضَبِ، (وَأَسْأَلُكَ الْقَصْدَ فِي

طالب ہوں اور فقیری وامیری میں میانہ روی کا خواستگار رہوں، اور تجھ

الْفَقْرِ وَالْغِنٰى،) وَأَسْأَلُكَ نَعِيْمًا لَّا يَنْفَدُ، وَقُرَّةَ

سے لازوال نعمتیں اور دائمی دلی سرور چاہتا ہوں اور تیرے فیصلہ

عَيْنٍ لَّا تَنْقَطِعُ، وَأَسْأَلُكَ الرِّضَا بِالْقَضَاءِ، وَبَرْدَ

پر رضامندی اور مرنے کے بعد خوشحالی کی زندگی، اور تیرے روئے

الْعَيْشِ بَعْدَ الْمَوْتِ، وَلَذَّةَ النَّظَرِ إِلَى وَجْهِكَ،

مبارک کے دیدار کی لطف اندوزی، اور تجھ سے ملنے کا اشتیاق

وَالشَّوْقَ إِلَى لِقَائِكَ. وَأَعُوْذُبِكَ مِنْ ضَرَّاءَ

چاہتا ہوں، اور ضرر رساں مصیبت اور گمراہ کن آزمائش سے تیری

مُضِرَّةٍ وَفِتْنَةٍ مُّضِلَّةٍ؛ اَللّٰهُمَّ زَيِّنَّا بِزِيْنَةِ الْإِيْمَانِ،

حفاظت میں آتا ہوں، اے اللہ ہمیں ایمان کے زیور سے آراستہ

وَاجْعَلْنَا هُدَاةً مُّهْتَدِيْنَ. (النسائي، ۱۳۰۶)

فرما، اور ہمیں رہنما اور راہ یاب بنا۔

۲۳ اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ مِنَ الْخَيْرِ كُلِّهِ: عَاجِلِهِ

یا اللہ میں تجھ سے تمام بھلائیاں مانگتا ہوں خواہ وہ جلد ملنے والی ہوں

وَآجِلِهِ، مَا عَلِمْتُ مِنْهُ وَمَا لَمْ أَعْلَمْ؛ وَأَعُوْذُبِكَ

یا بدیر اور خواہ میں انھیں جانتا ہوں یا نہ جانتا ہوں، اور تمام برائیوں سے

مِنَ الشَّرِّ كُلِّهٖ: عَاجِلِهٖ وَاٰجِلِهٖ، مَا عَلِمْتُ مِنْهُ

میں تیری پناہ وحفاظت میں آتا ہوں خواہ وہ جلد آنے والی ہوں یا بدیر اور

وَمَا لَمْ أَعْلَمْ؛ اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْأَلُكَ الْجَنَّةَ وَمَا

خواہ میں انھیں جانتا ہوں یا نہ جانتا ہوں، یا اللہ میں تجھ سے جنت

قَرَّبَ إِلَيْهَا مِنْ قَوْلٍ أَوْ عَمَلٍ؛ وَأَعُوْذُبِكَ مِنَ

اور جنت سے قریب کرنے والے اعمال واقوال کی درخواست

النَّارِ وَمَاقَرَّبَ إِلَيْهَا مِنْ قَوْلٍ أَوْ عَمَلٍ؛ وَأَسْأَلُكَ

کرتا ہوں، اور جہنم اور جہنم سے قریب کرنے والے اقوال واعمال سے

أَنْ تَجْعَلَ كُلَّ قَضَاءٍ لِّيْ خَيْرًا، وَأَسْأَلُكَ مَا

تیری پناہ وحفاظت میں آتا ہوں، اور میں یہ درخواست کرتا ہوں کہ

قَضَيْتَ لِيْ مِنْ أَمْرٍ أَنْ تَجْعَلَ عَاقِبَتَهٗ رُشْدًا.

تو ہر فیصلہ کو میرے لیے بہتر کردے، اور میرے لیے صادر کیے گئے

(ابن ماجة، ص ۲۷۳۔ المستدرك، ۱: ۷۰۲)

ہر فیصلہ کا انجام بہتر کردے۔

۲۴ اَللّٰهُمَّ أَحْسِنْ عَاقِبَتَنَا فِي الْأُمُوْرِ كُلِّهَا، وَأَجِرْنَا

یااللہ ہمارے تمام کاموں کا انجام بہتر فرما، اور دنیا کی رسوائی اور آخرت کی

مِنْ خِزْيِ الدُّنْيَا وَعَذَابِ الْآخِرَةِ. (المستدرک ۳: ۵۸۳)

سزا سے ہمیں محفوظ رکھ۔

۲۵ اَللّٰهُمَّ احْفَظْنِيْ بِالْإِسْلَامِ قَائِماً، وَاحْفَظْنِيْ

یااللہ اسلام کے صدقے میں میری حفاظت فرما بحالت قیام بھی، اور اسلام

بِالْإِسْلَامِ قَاعِداً، وَاحْفَظْنِيْ بِالْإِسْلَامِ رَاقِداً،

کے طفیل میری حفاظت فرما بحالت نشست بھی، اور اسلام کی بدولت میری

وَلَا تُشْمِتْ بِيْ عَدُوًّا وَّلَا حَاسِداً. اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ

حفاظت فرما بحالت نیند بھی۔ اور مجھ پر کسی دشمن اور بدخواہ کو ہنسنے کا موقعہ نہ

أَسْأَلُكَ مِنْ كُلِّ خَيْرٍ خَزَائِنُهُ بِيَدِكَ، وَأَعُوْذُبِكَ

دے۔ یااللہ میں تجھ سے وہ تمام بھلائیاں مانگتا ہوں جن کے خزانے

مِنْ كُلِّ شَرٍّ خَزَائِنُهُ بِيَدِكَ، وَأَعُوْذُبِكَ مِنْ

تیرے قبضے میں ہیں، اور ان تمام برائیوں سے تیری پناہ میں آتا ہوں جن

شَرِّ مَا أَنْتَ آخِذٌ بِنَاصِيَتِهٖ . (المستدرك ۱: ۷۰۲)

کے خزانے تیرے قبضے میں ہیں، اور ہر اس چیز کے شر سے تیری پناہ میں

(الإحسان بترتیب صحیح ابن حبان ۲: ۱۴۳)

آتا ہوں جس کی چوٹی تیرے ہاتھ میں ہے۔

۲۶ اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْأَلُكَ عِيْشَةً نَقِيَّةً، وَمِيْتَةً سَوِيَّةً،

یا اللہ میں تجھ سے صاف ستھری زندگی اور آسان موت اور (تیرے دربار

وَمَرَدًّا غَيْرَ مُخْزِيٍّ وَّلَا فَاضِحٍ . (المستدرك ۱: ۷۲۵)

میں) بلا ذلت و بلا رسوائی کی واپسی چاہتا ہوں۔

۲۷ اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ ضَعِيْفٌ فَقَوِّ فِيْ رِضَاكَ

اے اللہ میں کمزور ہوں سو تو اپنی رضا جوئی کی خاطر میری کمزوری کو قوت

ضَعْفِيْ، وَخُذْ إِلَى الْخَيْرِ بِنَاصِيَتِيْ، وَاجْعَلِ

سے بدل دے، اور میری چوٹی کو پکڑ کر مجھے خیر کی طرف لے آ، اور اسلام

الْإِسْلَامَ مُنْتَهٰى رِضَائِيْ، اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ ضَعِيْفٌ

کو میری سب سے بڑی مراد و رضا مندی بنا دے، اے اللہ میں بے بس

فَقَوِّنِيْ ، وَإِنِّيْ ذَلِيْلٌ فَأَعِزَّنِيْ ، وَإِنِّيْ فَقِيْرٌ

ہوں سو تو مجھے طاقت دے، اور میں بے عزت ہوں سو تو مجھے معزز بنادے،

فَارْزُقْنِيْ. (المستدرك، ١: ٨٠٧)

اور میں محتاج ہوں سو تو مجھے روزی دیدے۔

منزل الثلاثاء

چوتھی منزل

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

سب پر مہربان، نہایت رحم والے اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں۔

۱ اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ خَيْرَ الْمَسْأَلَةِ، وَخَيْرَ

یا اللہ! میں تجھ سے بہتر درخواست، بہتر طلب، بہتر کامیابی، بہتر کام،

الدُّعَاءِ، وَخَيْرَ النَّجَاحِ، وَخَيْرَ الْعَمَلِ، وَخَيْرَ

بہتر بدلہ، بہتر زندگی اور بہتر موت چاہتا ہوں۔ اور مجھے استقامت

الثَّوَابِ، وَخَيْرَ الْحَيَاةِ، وَخَيْرَ الْمَمَاتِ؛

دے، اور میری تول وزنی فرما، اور میرا ایمان مضبوط فرما اور میرا

وَثَبِّتْنِيْ، وَثَقِّلْ مَوَازِيْنِيْ، وَحَقِّقْ إِيْمَانِيْ، وَارْفَعْ

